حکومت کرناٹک

نوبہارِ اَدب

NAU BAHAR-E-ADAB

Urdu First Language

Eighth 8 Standard

PART-1

اُردو زبان اوّل نصابی کتاب برائے
آٹھویں جماعت
(ترمیم شدہ)
حصّۂ اوّل

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

KARNATAKA TEXT BOOK SOCIETY (R)
6th Cross, Malleshwaram
Bengaluru - 560 003

THE CONSTITUTION OF INDIA

PREAMBLE

WE, THE PEOPLE OF INDIA, having solemnly resolved to constitute India into a [1]**[SOVEREIGN SOCIALIST SECULAR DEMOCRATIC REPUBLIC]** and to secure to all its citizens :

JUSTICE, social, economic and political;

LIBERTY of thought, expression, belief, faith and worship;

EQUALITY of status and of opportunity; and to promote among them all

FRATERNITY assuring the dignity of the individual and the [2][unity and integrity of the Nation];

IN OUR CONSTITUENT ASSEMBLY this twenty-sixth day of November, 1949 do **HEREBY ADOPT, ENACT AND GIVE TO OURSELVES THIS CONSTITUTION.**

---

1. Subs. by the Constitution (Forty-second Amendment) Act, 1976, Sec.2, for "Sovereign Democratic Republic" (w.e.f. 3.1.1977)
2. Subs. by the Constitution (Forty-second Amendment) Act, 1976, Sec.2, for "Unity of the Nation" (w.e.f. 3.1.1977)

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نصابی کمیٹی

چیر پرسن: ڈاکٹر جہاں آرا بیگم، صدر شعبۂ اُردو، کرناٹک اسٹیٹ اوپن یونیورسٹی، میسورو

اراکین

☆ جناب نجم الحسن انجمؔ ادیب۔یم۔اے (اُردو) یم۔اے (فارسی) وظیفہ یاب لکچرار

☆ مولانا شیخ عطاء الرحمن عمری، لکچرار، یم۔اے۔، بی ایڈ۔، گورنمنٹ جونیئر کالج، سری رنگا پٹن منڈیا ضلع

☆ جناب فیروز پاشاہ ایم اے۔، بی ایڈ۔، وائس پرنسپل، گورنمنٹ جونیئر کالج بیسگر ھلّی مدّور تعلق

☆ جناب یس۔محمد حفیظ اللہ جامعی آلوری۔ایم۔اے۔، بی ایڈ۔،
اسسٹنٹ ماسٹر، عربک ہائی اسکول منڈیکل چکبالاپور ضلع

☆ جناب نظیر احمد لکّنڈی۔ایم۔اے۔، (اُردو) ایم۔اے۔، (سوشیالوجی (بی۔ایڈ۔،
اسسٹنٹ ماسٹر، اینگلو اُردو ہائیر سکنڈری اسکول، گھنٹی کیری، ہبلّی

☆ پروفیسر اَفروز احمد۔بی ایس سی۔، یم۔اے۔، (اُردو (موظف لکچرار جے۔یس۔یس، کالج، میسورو : تنقیح کار

☆ شری سندر توڑار، مصوّر، سرکاری ہائی اسکول، گولتامحل بنڈوال تعلق جنوبی کیانرا

☆ شری ناگیندرا کمار مینیجنگ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو	☆ شری موڈمبٹری تایا کوآرڈینیٹر، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو
☆ شرمتی ناگامنی سی ڈپٹی ڈائرکٹر، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو	☆ شری پانڈورنگا سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

PREFACE

The Textbook Society, Karnataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi prepared which in turn are designed based on NCF – 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 11 languages; seven of them serve as the medium of instruction. From standard 1 to 4 there is the EVS and 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF – 2005 has a number of special features and they are:

- *Connecting knowledge to life activities*
- *Learning to shift from rote methods*
- *Enriching the curriculum beyond textbooks*
- *Learning experiences for the construction of knowledge*
- *Making examinations flexible and integrating them with classroom experiences*
- *Caring concerns within the democratic policy of the country*
- *Make education relevant to the present and future needs.*
- *Softening the subject boundaries integrated knowledge and the joy of learning.*
- *The child is the constructor of knowledge*

The new books are produced based on three fundamental approaches namely.

***Constructive** approach, **Spiral** Approach and **Integrated** approach. The learner is encouraged to think, engage in activities, masters skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the total development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country India.*

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Language textbooks are designed to help learners master communicative competencies, excellent comprehension, meaningful expression and efficient reference skills.

English is studied by most students as the second language. Teachers have to keep in mind the three fundamental approaches based on which the readers have been designed and adapt their teaching methods and help learners master language skills and competencies and help them become excellent users of English.

Schools in Karnataka offer seven languages as media of instruction and eight as first languages and ten languages are offered as third language. The objective is to help the learners to use these languages efficiently at the communicative level. It is hoped that at least a cross section of learners achieve competencies to use these languages at the creative level.

Teachers are expected to adapt their teaching methods not to make these textbooks just feed materials for examinations, but help learners master language competencies such as communication, comprehension, expression in writing and necessary reference skills.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, and printers in helping the Text Book Society in producing these textbooks.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Co - ordinator
Prof. G.S. Mudambadithaya
Curriculum Revision and
Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society (R)
Bengaluru - 85

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society (R)
Bengaluru - 85

پیش لفظ

آٹھویں جماعت کے لیے اردو زبان اول کے طور پر ترتیب شدہ یہ کتاب ''نو بہار ادب'' پیش خدمت ہے۔ یہ کتاب ڈی۔ یس۔ ای۔ آر۔ ٹی کے حکم پر ریاستی نصاب اور این۔ سی۔ یف 2005ء میں دی گئی ہدایات کی روشنی میں ترتیب دی گئی ہے۔ اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ ہر مضمون اور نظم طلباء کے علمی و ذہنی معیار کے مطابق ہو۔ زبان سیکھنے میں معاون ثابت ہو۔ طلبا اسے اپنے لیے بارِ گراں نہ سمجھیں۔

تعلیم و تدریس میں جن صلاحیتوں کو ابھارنے کی کوشش کی جاتی ہے ان کے مدّنظر ہی طلبا کی ہمہ جہتی ترقی ممکن ہے۔ لہٰذا ہر سبق سے متعلق جو صلاحیت طلبا میں ابھاری جاتی ہے، اس سے متعلق ہدایات دی گئی ہیں جن پر سنجیدگی سے غور کرنے اور اسے روبہ عمل لانے کی ضرورت ہے۔ صرف اسی صورت پر طلبہ و طالبات میں یہ تمام صلاحیتیں پیدا ہونے کی وجہ سے وہ خود آموزی اور جماعتی سرگرمیوں میں خود کو ڈھال کر زیادہ سے زیادہ سطح تک اکتساب کر سکیں گے۔

خواندگی، سماعت، تقریر اور تحریر ہر ایک صلاحیت کو مناسب انداز میں استعمال کرتے ہوئے اساتذہ ان کی رہنمائی اور تعاون کریں تو طلبہ کو سیکھنے میں لطف آئے گا اور وہ دلچسپی کے ساتھ اُردو زبان سیکھیں گے اور ہماری یہ کوشش بارآور ثابت ہوگی۔

ادارہ اس موقع پر جناب شری ناگیندرا کمار مینجنگ ڈائرکٹر، شری پانڈورنگا، ڈپٹی ڈائرکٹر (انچارج) SADPI اور موڈمبڑی تایا، کا مشکور ہے جنہوں نے ہمہ وقت ہماری حوصلہ افزائی کی اور زرین مشوروں سے نوازا۔

چیر پرسن:
ڈاکٹر جہاں آرا بیگم،
صدر شعبۂ اُردو، کرناٹک اسٹیٹ اوپن یونیورسٹی، میسورو۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مجالسِ نظرثانی برائے نصابی کتاب

صدرِ مجالس:

پروفیسر برگورراما چندرپّا، مجلسِ نظرثانی برائے ریاستی نصابی کتاب، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو-

مجلسِ نظرثانی

صدر:

پروفیسر سی۔ سید خلیل احمد، چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف پی جی اسٹڈیز اینڈ ریسرچ اِن اردو، کوئمپو یونیورسٹی، سہیادری کالج، شیوا موگا-203 577

اراکین:

ڈاکٹر سید ثناء اللہ، اسوسیٹ پروفیسر اینڈ چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف اردو، سہیادری سائنس کالج، شیوا موگا-3

محترمہ وحیدہ نسرین، ایجوکیشن آفیسر، ڈائرکٹریٹ برائے اردو اور دیگر اقلیتی لسانی مدارس، بنگلورو۔

جناب سلیمان خمار، ایل آئی جی-83 جال نگر، وجئے پورہ-101 586

جناب اختر سہیل، معاون معلم، فاروقیہ بوائس ہائی اسکول، تلک نگر، میسورو-001 570

محترمہ مہرالنساء بیگم کے مکاندار، اردو معلمہ، گورنمنٹ اردو ہائی اسکول، جمکھنڈی، ضلع باگل کوٹ۔

محترمہ سائرہ بانو، معاون معلمہ، گورنمنٹ مسلم رسیڈنشیل اسکول، سری رنگاپٹن، ضلع منڈیا۔

محترمہ حبیبہ خانم، معاون معلمہ، گورنمنٹ اردو لوئر پرائمری اسکول، یم۔کے۔محلہ، رام نگر۔159 562

محترمہ شمع پروین سوداگر، معاون معلمہ، گورنمنٹ اردو لوئر پرائمری اسکول، گاندھی پور ضلع ہاویری-110 581

اعلیٰ مجلسِ نظرثانی

پروفیسر نورالدین، وظیفہ یاب پروفیسر، نمبر 1/13، سیکٹر 14، جیون بھیما نگر، بنگلورو-007 560

پروفیسر محمد اعظم شاہد، پروفیسر، گورنمنٹ فرسٹ گریڈ کالج، یلہنکا، بنگلورو-094 560

میر صلاح کار:

شری یم۔پی۔مادھے گوڈا : مینیجنگ ڈائرکٹر کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

شریمتی اُشا یم۔ڈی : ڈپٹی ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

پروگرام کوآرڈینیٹر:

شری موہن کمارا۔بی : سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

NOT TO BE REPUBLISHED

ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಕುರಿತು

ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಪ್ರಕಟಗೊಂಡ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ ಮಾನ್ಯ ಮುಖ್ಯಮಂತ್ರಿಯವರೂ ಅರ್ಥಸಚಿವರೂ ಆಗಿರುವ ಶ್ರೀ ಸಿದ್ದರಾಮಯ್ಯನವರು ತಮ್ಮ ೨೦೧೪–೧೫ ರ ಬಜೆಟ್‌ನಲ್ಲಿ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸುವ ಘೋಷಣೆ ಮಾಡಿದರು. ತಜ್ಞರು ಅನುಸರಿಸಬೇಕಾದ ಮೂಲ ಆಶಯವನ್ನು ಹೀಗೆ ಹೇಳಿದರು: "ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯ, ನೈತಿಕಮೌಲ್ಯಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವವಿಕಸನ, ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮತ್ತು ವೈಚಾರಿಕ ಮನೋಭಾವ, ಜಾತ್ಯತೀತತೆ ಮತ್ತು ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಬದ್ಧತೆಗಳಿಗೆ ಅನುವಾಗುವಂತೆ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಪುನರ್ ರಚಿಸಲಾಗುವುದು" ಇದು ಬಜೆಟ್ ಭಾಷಣದಲ್ಲಿ ಸಾದರಪಡಿಸಿದ ಆಶಯ.

ಆನಂತರ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಾಗಿ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ದಿನಾಂಕ: ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ ರಂದು ಆದೇಶಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ವಿಷಯವಾರು ಮತ್ತು ತರಗತಿವಾರು ಮಾನದಂಡಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ರಚಿತವಾದವು. ವಿವಿಧ ಪಠ್ಯವಿಷಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರು, ಅಧ್ಯಾಪಕರು ಈ ಸಮಿತಿಗಳಲ್ಲಿದ್ದಾರೆ. ಈಗಾಗಲೇ ಲಿಖಿತವಾಗಿ ಬಂದಿರುವ ಅನೇಕ ಆಕ್ಷೇಪಗಳು ಮತ್ತು ವಿಶ್ಲೇಷಣೆಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ, ತಪ್ಪು ಒಪ್ಪುಗಳ ಬಗ್ಗೆ ನಿರ್ಣಯಿಸಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಹೊಣೆಹೊತ್ತ ಈ ಸಮಿತಿಗಳಿಗೆ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸಿ ನಂತರ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ರ ಆದೇಶದಲ್ಲೇ ನೀಡಲಾಗಿತ್ತು. ಆನಂತರ ೧೯.೦೯.೨೦೧೫ ರಂದು ಹೊಸ ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪುನರ್ ರಚಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ನೀಡಲಾಯಿತು. ಹೀಗೆ ಸಮಗ್ರ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೊಂಡ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ೨೦೧೬–೧೭ ರ ಬದಲು ೨೦೧೭–೧೮ನೇ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೊಳಿಸಲಾಗುವುದೆಂದು ಇದೇ ಆದೇಶದಲ್ಲಿ ತಿಳಿಸಲಾಯಿತು.

ಅನೇಕ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳೂ ಸಂಘಟನೆಗಳೂ ಸ್ವಯಂಪ್ರೇರಿತರಾಗಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮಾಹಿತಿದೋಷ, ಆಶಯದೋಷಗಳನ್ನು ಪಟ್ಟಿಮಾಡಿ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಚಿವರಿಗೆ, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘಕ್ಕೆ ಕಳುಹಿಸಿದ್ದರು. ಅವುಗಳ ಪರಿಶೀಲನೆಮಾಡಿದ್ದಲ್ಲದೆ, ಸಮಿತಿಗಳಾಚೆಗೆ ಅನೇಕ ಸಂವಾದಗಳನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಚಾರ ವಿನಿಮಯ ಮಾಡಿಕೊಂಡಿದ್ದೇವೆ. ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಅಧ್ಯಾಪಕರ ಸಂಘಗಳ ಜೊತೆ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದಲ್ಲದೆ ಪ್ರಶ್ನಾವಳಿ ಸಿದ್ಧಪಡಿಸಿ ಅಧ್ಯಾಪಕರಿಗೆ ನೀಡಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ವಿಷಯಪರಿವೀಕ್ಷಕರು ಮತ್ತು ಡಯಟ್ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರ ಪ್ರತ್ಯೇಕ ಸಭೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸಿ ವಿಶ್ಲೇಷಣಾತ್ಮಕ ಅಭಿಮತಗಳನ್ನು ಪಡೆಯಲಾಗಿದೆ. ವಿಜ್ಞಾನ, ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ, ಭಾಷೆ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರಿಗೆ ಮೊದಲೇ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಕಳುಹಿಸಿ ಆನಂತರ ಸಭೆ ನಡೆಸಿ ಚರ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ.

NOT TO BE REPUBLISHED © KSCERT

ಬಹುಮುಖ್ಯವಾದ ಇನ್ನೊಂದು ಸಂಗತಿಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿ ಹೇಳಬೇಕು. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ (ಎನ್.ಸಿ.ಇ.ಆರ್.ಟಿ) ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತೌಲನಿಕವಾಗಿ ಅಧ್ಯಯನ ಮಾಡಿ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ನೀಡಲು ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ತಜ್ಞರ ಮೂರು ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಲಾಯಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ನೀಡಿದ ತೌಲನಿಕ ವಿಶ್ಲೇಷಣೆ ಮತ್ತು ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಆಧರಿಸಿ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟವನ್ನು ಹೆಚ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಿಗಿಂತ ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟ ಕಡಿಮೆಯಾಗದಂತೆ ಕಾಯ್ದುಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಜೊತೆಗೆ ಆಂಧ್ರ, ತಮಿಳುನಾಡು, ಮಹಾರಾಷ್ಟ್ರ ರಾಜ್ಯಗಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ನಮ್ಮ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಇನ್ನೊಂದು ಸ್ಪಷ್ಟನೆಯನ್ನು ನೀಡಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ. ನಮ್ಮ ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿರುವುದು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೇ ಹೊರತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸಮಗ್ರ ರಚನೆಯಲ್ಲ. ಆದ್ದರಿಂದ ಈಗಾಗಲೇ ರಚಿತವಾಗಿರುವ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸ್ವರೂಪಕ್ಕೆ ಎಲ್ಲಿಯೂ ಧಕ್ಕೆಯುಂಟುಮಾಡಿಲ್ಲ. ಲಿಂಗತ್ವ ಸಮಾನತೆ, ಪ್ರಾದೇಶಿಕ ಪ್ರಾತಿನಿಧ್ಯ, ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಸಮಗ್ರತೆ, ಸಮಾನತೆ, ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯಗಳ ಹಿನ್ನೆಲೆಯಲ್ಲಿ ಕೆಲವು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಳು ನಡೆದಿವೆ. ಹೀಗೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವಾಗ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟು ಮತ್ತು ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳನ್ನು ಮೀರಿಲ್ಲವೆಂದು ತಿಳಿಸಬಯಸುತ್ತೇವೆ, ಜೊತೆಗೆ ನಮ್ಮ ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳನ್ನು ಅನುಸರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮತ್ತೊಮ್ಮೆ ಪರಿಶೀಲಿಸಲು ವಿಷಯವಾರು ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಪಡೆದು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಹೀಗೆ ಕ್ರಮಬದ್ಧವಾಗಿ ನಡೆದ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ತಮ್ಮನ್ನು ತಾವು ಸಂಪೂರ್ಣ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿಯ ಸಮಸ್ತರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಅಂತೆಯೇ ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಮಾಡಲು ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಾಗಿ ನಿಷ್ಠೆಯಿಂದ ದುಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳನ್ನೂ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಿಬ್ಬಂದಿಗೂ ನಮ್ಮ ವಂದನೆಗಳು. ಅಭಿಪ್ರಾಯ ನೀಡಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸರ್ವ ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮತ್ತು ತಜ್ಞರಿಗೆ ಧನ್ಯವಾದಗಳು.

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

ಎಂ.ಪಿ. ಮಾದೇಗೌಡ
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

(ಪ್ರೊ. ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ)
ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು
ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

Foreword

In the pursuit of fostering a healthier and more balanced educational journey, we present this initiative aimed at reducing the weight of school bags. Education is the cornerstone of progress and it is our responsibility to ensure that the pursuit of knowledge is accompanied by the wellbeing of students.

As a first step, to reduce the burden of heavy bags, the School Education Department, Government of Karnataka has decided to print semester-wise textbooks in 2 parts i.e., Summative Assessment 1 and 2. This intervention will help significantly in reducing the weight of school bags.

This Endeavour signifies a paradigm shift, acknowledging the strain posed by bulky bags on students.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Manjushree. N. IAS
Managing Director
Karnataka Textbook Society (R.)



فہرست مضامین

شمار	عنوانات	لکھنے والے	صفحہ نمبر
1	حمد	حفیظؔ جالندھری	01
2	خانۂ خدا	ادارہ	05
3	نعت	مولانا الطاف حسین حالیؔ	11
4	جنّت ارضی ۔ ''اوٹی''	ادارہ	15
5	ہمالہ	سر محمد اقبالؔ	23
6	رفیع احمد قدوائی	ادارہ	27
7	گرمی کا موسم	مولانا اسماعیلؔ میرٹھی	31
8	ناریل	ادارہ	35
9	قطعات	نریش کمار شادؔ	40
10	جغرافیہ ناک اور کان کا	طالب زیدی	42
	غزلیات (کلاسیکل)	غزلیں	48
11	غزلِ میرؔ	میر تقی میرؔ	48
12	غزلِ غالبؔ	مرزا غالبؔ	50
13	غزلِ جگرؔ	جگرؔ مرادآبادی	52

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

سبق:01



حمد باری تعالیٰ

حفیظؔ جالندھری

حمد: اللہ تعالیٰ کی تعریف میں کہی جانے والی نظم کو 'حمد' کہتے ہیں۔ ہر قسم کی تعریف اس قادرِ ذوالجلال کو سزاوار ہے جو اس کائنات کا مالک ہے اور اس کا حقیقی حاکم ہے۔ کسی میں سکت نہیں کہ اس کے احسانات کا شمار کر سکے۔

ابوالاثر حفیظؔ جالندھری نے اس کے حضور میں حمد و ثنا کا حقیر نذرانہ پیش کیا ہے۔

اے دو جہاں کے والی
اے گلشنوں کے مالی
ہر چیز سے ہے ظاہر حکمت تری نرالی
تیرے ہی فیض سے ہے سرسبز ڈالی ڈالی
پتّوں میں تیری رنگت پھولوں میں تیری لالی
یہ سلسلہ جہاں کا
دنیا کا گلستاں کا
پھولوں بھری زمیں کا تاروں کا آسماں کا
سارا ہے کام تیرا
پیارا ہے نام تیرا

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تونے ہمیں بنایا اور سوچنا سکھایا
ہر شے پہ ہم نے دیکھا تیرے کرم کا سایا
جس راستے پہ ڈھونڈا تیرا نشان پایا
خالق ہے تو خدایا مالک ہے تو خدا یا
انسان بھی ہیں تیرے
حیوان بھی ہیں تیرے
جان دار بھی ہیں تیرے بے جان بھی ہیں تیرے
ہر اک غلام تیرا
پیارا ہے نام تیرا

I الفاظ و معنی:

حمد = وہ نظم جس میں خدا کی تعریف کی گئی ہو
دوجہاں = دنیا و آخرت
والی = سرپرست، نگہبان
گلشن = چمن، گلزار
مالی = باغبان
حکمت = ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے کا علم، عقلمندی
سلسلہ = زنجیر، قطار، لڑی
سرسبز = ہرا بھرا
فیض = فائدہ، نیکی
نرالی = انوکھی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

لالی = سرخی، عزت

گلستان = گلزار، چمن، باغ

شئے = چیز

کرم = مہربانی

خالق = پیدا کرنے والا

II مندرجہ ذیل مصرعوں کو مناسب جوڑیئے اور شعر مکمل کیجیے:

''الف''		''ب''
تو نے ہمیں بنایا	----	تیرے کرم کا سایا
ہر شئے پہ ہم نے دیکھا	----	تیرا نشان پایا
جس راستے پہ ڈھونڈا	---	اور سوچنا سکھایا

III ذیل کے اشعار کی نثر بنایئے:

ہر چیز سے ہے ظاہر

حکمت تری نرالی

تیرے ہی فیض سے ہے

سرسبز ڈالی ڈالی

IV مصرعے مکمل کیجیے:

پھولوں بھری زمیں کا ----------

---------- پیارا ہے نام تیرا

V اضداد لکھئے:

مالک، زمیں، بے جان، غلام، پھول

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VI مختصر جواب لکھئے:

۱۔ ہمیں کس نے پیدا کیا؟

۲۔ دنیا کی ہر چیز کا خالق کون ہے؟

۳۔ مالی کس کی حفاظت کرتا ہے؟

۴۔ شاعر حفیظؔ جالندھری نے مالی کس کو کہا ہے؟

۵۔ حمد میں شاعر کس کی تعریف کرتا ہے؟

VII تفصیلی جواب دیجیے:

(۱) اللہ تعالیٰ نے پھولوں اور پتّیوں کو کیا کیا خوبیاں عطا کی ہیں؟

(۲) اگر زمین کی خوبصورتی پھولوں کی وجہ سے ظاہر ہوتی ہے تو آسمان کی خوبصورتی کن چیزوں سے ظاہر ہوتی ہے؟

(۳) حمد کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تعارف:



حفیظؔ جالندھری

اصل نام محمد حفیظ رانا تھا۔ حفیظؔ جالندھری کے نام سے مشہور ہوئے۔ 1899ء میں بمقام جالندھر پیدا ہوئے۔ ''شاہ نامۂ اسلام'' ان کی شاہکار نظم ہے۔ حفیظؔ نے اس نظم میں تاریخِ اسلام کو نظم کیا ہے۔ نغمہ زار، سوز و ساز اور تلخابۂ شیریں ان کے کلام کے مجموعے ہیں۔ حفیظؔ اپنے جداگانہ لب و لہجہ کی وجہ سے دیگر شعراء سے ممتاز ہیں۔ 1982ء میں لاہور میں انتقال کیا۔

☆☆☆

سبق:02



خانۂ خدا

ادارہ

حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ کے پیارے نبی تھے۔جنہوں نے خانۂ کعبہ کی تعمیر کی تھی۔ ہر سال حج کے لیے عرب کے لوگ خانۂ کعبہ چلے آتے تھے۔خانۂ کعبہ کا انتظام قریش کے قبیلے کا سردار کیا کرتا تھا۔یہی وجہ تھی کہ تمام عرب کے قبیلے قریش کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔اس قبیلے کا سردار مکّہ کا حاکم ہوا کرتا تھا۔

عرب کے جنوب میں ایک ملک یمن بھی ہے۔اس وقت یمن کا بادشاہ ابرہہ اس پر حکومت کرتا تھا۔ یہ عیسائی تھا۔اس نے اپنے ملک میں ایک بہت بڑا عبادت خانہ بنوایا اور اس پر کافی روپیہ خرچ کیا۔اس کی تعمیر اور سجاوٹ خانۂ کعبہ کے مقابلے میں بہت زیادہ کی اور لوگوں کو یہ حکم دیا کہ وہ خانۂ کعبہ کی جگہ اس عبادت خانے میں حج کیا کریں لیکن عرب کے لوگوں نے اس کے حکم کو مسترد کر دیا اور وہ برابر حج کے لیے مکہ جاتے رہے ابرہہ کے دل میں ایک خیال پیدا ہوا۔اس نے سوچا کہ جب تک خانۂ کعبہ موجود ہے لوگ وہاں جاتے رہیں گے اور حج کے لیے اس کے بنائے ہوئے عبادت خانے کو نہیں آئیں گے۔اس لیے اس نے خانۂ کعبہ کو ڈھانے کا ارادہ کیا۔اس نے فوج جمع کی اور مکہ پر حملے کا ارادہ کیا۔اس کی فوج میں کئی ہاتھی بھی تھے۔جس ہاتھی پر ابرہہ سوار تھا وہ بہت طاقتور تھا۔وہ ہاتھی موٹی سے موٹی دیوار کو بھی ٹکر مار کر گرا سکتا تھا۔اس ہاتھی پر ابرہہ کو بہت ناز تھا۔اس ہاتھی کا نام محمود تھا۔

ابرہہ کی فوج نے مکہ پہنچتے ہی لوٹ مار مچادی اور لوگوں کے گھوڑے اونٹ سب پکڑ لیے گئے۔ان میں سے کچھ اونٹ عبدالمطلب کے بھی تھے۔اس وقت مکے کے سردار عبدالمطلب ہی تھے۔وہ ابرہہ کے پاس پہنچے وہ اپنے

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

خیمے میں بڑی شان سے بیٹھا ہوا تھا۔ انہیں دیکھ کر پوچھا کیوں آئے ہو؟ آپ نے کہا تمہارے سپاہی میرے اونٹ پکڑ لائے ہیں انہیں واپس کر دو ابرہہ یہ سن کر بڑا حیران ہوا اور اس نے کہا کیا تمہیں معلوم نہیں میں یہاں کیوں آیا ہوں؟ تم مکے کے سردار ہو اور خانۂ کعبہ کی حفاظت بھی تمہارے سپرد ہے۔ ایسے میں خانۂ کعبہ کی فکر کے بجائے اونٹوں کی پڑی ہے؟ یہ بات سن کر عبدالمطلب نے جواب دیا۔ ''خانۂ کعبہ میرا نہیں وہ خدا کا گھر ہے''۔ اس کی حفاظت وہ خود کرے گا۔ مجھے اونٹوں کی فکر ہے کیونکہ وہ میرے ہیں۔ ابرہہ تمسخر اور حقارت سے ہنسنے لگا اور اپنے سپاہیوں کو عبدالمطلب کے اونٹ واپس کرنے کا حکم دیا۔ عبدالمطلب اپنے اونٹ لے کر گھر آ گئے۔

ابرہہ کے لشکر کا مقابلہ مکہ والوں کے لیے مشکل تھا۔ عرب والوں کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ ابرہہ کا مقابلہ کیسے کریں۔ لیکن عبدالمطلب کو پورا یقین تھا کہ خدا اپنے گھر کی ضرور حفاظت کرے گا۔ اس لیے انہوں نے ابرہہ کے سامنے پورے وثوق کے ساتھ یہ بات کہی تھی کہ کعبہ خدا کا گھر ہے اس کی حفاظت وہ خود کرے گا۔ ابرہہ کا لشکر خانۂ کعبہ کی طرف بڑھنے لگا اس وقت عبدالمطلب ایک پہاڑی کے پیچھے چھپ گئے اور خدا کی مدد کا انتظار کرنے لگے۔

ابرہہ اپنے بھاری بھرکم ہاتھی پر سوار آگے بڑھنے لگا اور پیچھے اس کی فوج بھی تھی وہ بڑے غرور سے کعبہ کی طرف بڑھ رہا تھا اب اسے یقین ہو چلا تھا کہ کوئی طاقت اب اسے خانۂ کعبہ کو ڈھانے سے روک نہیں سکتی مگر اس کا ہاتھی خانۂ کعبہ کے قریب پہنچا اور رک گیا۔ ابرہہ نے آگے بڑھانے کے لیے لاکھ کوشش کی مگر ہاتھی ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھ سکا۔

ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کوئی غیبی قوت اسے آگے بڑھنے سے روک رہی ہے۔ اسی وقت آسمان پر ابابیلوں کے جھنڈ دکھائی دیے ہر ابابیل کی چونچ میں ایک اور پنجوں میں دو کنکریاں تھیں یہ کنکریاں ابابیلوں نے ابرہہ اور اس کی فوج پر برسائیں لمحہ بھر میں ابرہہ کی فوج ابرہہ کا ہاتھی اور ابرہہ ہلاک و برباد ہو گئے۔ عبدالمطلب کی بات سچ ثابت ہوئی کہ خانۂ کعبہ خدا کا گھر ہے اور وہی اس کی حفاظت کرے گا۔ عبدالمطلب ہمارے پیارے نبی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا تھے اور جس سال ابرہہ نے مکہ پر حملہ کیا اسی سال حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش بھی ہوئی تھی۔ بعد میں عرب کے لوگ اس سال کو عام الفیل یعنی ہاتھیوں کا سال کہنے لگے۔ عربی میں ہاتھی کو فیل اور سال کو عام کہتے ہیں۔

I معنی اور اشارے:

اجتماع = مجمع، بھیڑ

خانۂ کعبہ = خدا کا گھر

قبیلہ = خاندان

حاکم = حکمران، حکومت کرنے والا

تعمیر کرنا = عمارت بنانا

بے شمار = بہت سے

سپرد کرنا = حوالے کرنا

لشکر = فوج

خیمہ = ڈیرا

ابابیل = ایک چھوٹا سا سیاہ رنگ کا پرندہ

جھنڈ = غول، پرندوں کی جماعت

حقارت = نفرت، بے عزتی، ذلت

وثوق = یقین، بھروسہ

عام الفیل = ہاتھیوں کا سال

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II ان سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھیے:

(۱) حضرت ابراہیم علیہ السلام کون تھے؟

(۲) خانۂ کعبہ کا انتظام کون کرتے تھے؟

(۳) ملک یمن پر کون حکومت کرتا تھا؟

(۴) خانۂ کعبہ پر کس نے حملہ کیا؟

(۵) ابرہہ نے کس کے اونٹ پکڑ رکھے تھے؟

(۶) عبدالمطلب ابرہہ کے پاس کیوں گئے تھے؟

(۷) عبدالمطلب نے ابرہہ کو کیا جواب دیا؟

(۸) ابرہہ کی فوج کیسے ہلاک ہوئی؟

III خالی جگہوں کو قوسین میں دئے گئے مناسب الفاظ سے پر کیجیے:

(۱) قبیلۂ قریش کا سردار مکہ کا---------- بھی ہوتا تھا۔ (عالم، حاکم)

(۲) عرب کے جنوب میں ----------نامی ملک ہے۔ (ایران، یمن)

(۳) ابرہہ کے سپاہی مکے کے اونٹ پکڑ لائے تھے ان میں کچھ اونٹ---------- کے بھی تھے۔
(عبدالمطلب، ابوطالب)

(۴) ابرہہ کعبہ کو ڈھانے کے لیے جوں ہی آگے بڑھا تو عین اسی وقت آسمان پر----------
کے جھنڈ دکھائی دئے۔ (کبوتروں، ابابیلوں)

(۵) عبدالمطلب ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے---------- تھے۔
(نانا، دادا)

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV جوڑ لگائیے:

'الف'	'ب'
۱) ابراہیم علیہ السلام	a) ملک یمن ہے۔
۲) خانۂ کعبہ میں	b) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا
۳) عرب کے جنوب میں ایک	c) پرندہ
۴) ابرہہ	d) اللہ کے پیارے نبی
۵) عبدالمطلب	e) حج کرتے ہیں۔
۶) ابابیل	f) عیسائیوں کا بادشاہ

V متن کے حوالے سے درج ذیل جملوں کی تشریح کیجیے:

۱۔ ''جب تک خانۂ کعبہ موجود ہے لوگ میرے بنوائے ہوئے عبادت خانے میں حج کے لیے نہیں آئیں گے۔''

۲۔ ''خانۂ کعبہ میرا نہیں خدا کا گھر ہے۔''

VI درج ذیل الفاظ کی جنس (مذکر یا مونث) بتائیے:

اجتماع ۔ سردار ۔ سجاوٹ ۔ فوج ۔ ابابیل

ہاتھی ۔ فکر ۔ حفاظت ۔ حکم ۔ طاقت

VII ان سوالوں کے جوابات چار پانچ جملوں میں دیجیے:

(۱) ابرہہ نے اپنا عبادت خانہ کو کس طرح اور کس لیے تعمیر کیا تھا؟

(۲) عبدالمطلب اور ابرہہ کے درمیان کیا گفتگو ہوئی؟

(۳) خانۂ کعبہ کو ڈھانے کا واقعہ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

@KTES NOT TO BE REPUBLISHED

عملی مشق:

خانۂ کعبہ، بیت المقدس، مسجد نبوی اور مسجد قباء کی تصویریں اکٹھا کیجیے اور اپنے البم میں شامل کیجیے۔ ہر تصویر سے متعلق دو چار جملے لکھئے۔

قواعد

علم ہجا

علم ہجا میں حروف سے بحث ہوتی ہے۔

حروف کے مجموعہ کو حروفِ ہجا یا حروف تہجی کہتے ہیں۔

حروف ہجا دو قسم کے ہوتے ہیں۔

۱۔ سادہ حروف

۲۔ مخلوط حروف

سادہ حروف یہ ہیں؛-

ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح خ د ڈ ذ ر ڑ ز ژ س ش

ص ض ط ظ ع غ ف ق ک گ ل م ن و ہ ء ی ے

مخلوط حروف یہ ہیں؛-

بھ پھ تھ ٹھ جھ چھ دھ ڈھ ڑھ کھ گھ لھ مھ نھ

حروف کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ حروف علت (Vowels)

۲۔ حروف صحیح (Consonants)

حروف علت ا۔ و۔ ی ہیں۔

حروف علت کو چھوڑ کر باقی تمام حروف، حروفِ صحیح کہلاتے ہیں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق۔03

نعتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم



مولانا الطاف حسین حالی

نعت:

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں لکھی گئی نظم کو نعت کہتے ہیں۔ دیکھئے اس نعت میں مولانا حالی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کن کن صفات کا بیان کیا ہے اور اس کے ساتھ ہی اپنی گہری عقیدت کا اظہار بھی کیا ہے۔

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا — مرادیں غریبوں کی بر لانے والا
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا — وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا
فقیروں کا ملجا ضعیفوں کا ماویٰ
یتیموں کا والی غلاموں کا مولیٰ

خطا کار سے در گزر کرنے والا — بد اندیش کے دل میں گھر کرنے والا
مفاسد کا زیر و زبر کرنے والا — قبائل کا شیر و شکر کرنے والا
اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا
اور اک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا

مس خام کو جس نے کندن بنایا — کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا
عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا — پلٹ دی بس اک آن میں اس کی کایا

رہا ڈر نہ بیڑے کو موج بلا کا
اِدھر سے اُدھر پھر گیا رخ ہوا کا

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صوت ہادی　　عرب کی زمیں جس نے ساری ہلادی
نئی اک لگن دل میں سب کے لگادی　　اک آواز میں سوتی بستی جگادی

پڑا ہر طرف غل یہ پیغام حق سے
کہ گونج اٹھے دشت وجبل نام حق سے

I الفاظ ومعانی:

ملجا = جائے پناہ، مامن
خطا کار = قصوروار، مجرم
بداندیش = برا چاہنے والا
ماویٰ = ٹھکانہ
مفاسد = برائیاں (مفسد کی جمع)
مس خام = کچا تانبہ
کایا = روپ، اصلیت
صوت = آواز
لگن = خواہش، محبت
درگزر کرنا = معاف کرنا
کایا پلٹ دینا = حالت پلٹ دینا
دل میں گھر کرنا = محبت بڑھانا
دشت = جنگل
جبل = پہاڑ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کڑکا = بجلی کی آواز

قرنوں سے = مدتوں سے

آن = لمحہ

کندن = خالص سونا

II ان سوالوں کے جواب لکھیے:

۱۔ کس نبی نے رحمت کا لقب پایا؟

۲۔ یتیموں کا والی کون ہے؟

۳۔ فقیروں کا ملجا کون ہے؟

۴۔ ملک عرب پر کیا چھایا ہوا تھا؟

۵۔ پیغام حق کی گونج سے کیا ہوا؟

۶۔ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح کی حالت بدل ڈالی؟

III ان الفاظ کے واحد لکھیے:

غریبوں، فقیروں، یتیموں، ضعیفوں، نبیوں

IV ان مصروں کو مکمل کیجیے:

۱۔ بداندیش کے دل----------

۲۔ عرب جس پہ----------

۳۔ اِدھر سے اُدھر ----------

۴۔ وہ بجلی کا کڑکا ----------

۵۔ کہ گونج اٹھے ----------

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V ''وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا''

اس مصرعے میں کونسی قرآنی آیت کی طرف اشارہ ہے؟

VI نعت کے پہلے اور آخری بند کا مطلب اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

عملی کام

محسنؔ کاکوروی، مولانا ظفرؔ علی خاں اور اپنے دیگر پسندیدہ شعراء کی نعتوں کو اکٹھا کر کے اپنی بیاض میں لکھیے۔



تعارف: مولانا الطاف حسین حالیؔ

اردو ادب میں مولانا حالیؔ کی خدمات بڑی اہمیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے بچوں کے لیے بھی نظمیں لکھی ہیں۔ اس نصابی کتاب میں شامل نعت حالیؔ کی مشہور نعت ہے جو مسدس حالیؔ سے لی گئی ہے۔ مسدس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوتے ہیں۔ پہلے چار مصرعے ہم قافیہ باقی دو مصرعوں کے ردیف و قافیے مختلف ہوتے ہیں۔ مولانا الطاف حسین حالیؔ 1827ء میں پانی پت میں پیدا ہوئے۔ دلی آ کر غالبؔ کے شاگردوں میں شامل ہوئے۔ سرسید کی تحریک سے انہوں نے قدیم شاعری کا رخ بدلا اور ''مسدس حالی'' لکھ کر اردو شاعری میں ایک حیرت انگیز انقلاب پیدا کیا۔ نثر میں آپ کی تصانیف ''حیات جاوید'' ''حیات سعدی'' اور ''یادگارِ غالب'' بہت مشہور ہیں۔ مقدمۂ شعر و شاعری بھی تنقید کا ایک اہم کارنامہ ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

☆☆☆

سبق:04

P6T6T9

جنّتِ ارضی.....اُوٹی

ادارہ



اوٹی شہر کا منظر

جنوبی ہندوستان کی مشہور تفریح گاہ اوٹی میسورو سے تقریباً ایک سو پچاس کلومیٹر کی دوری پر واقع ہے۔ یہ ریاست تملناڈو میں واقع ہے۔ اس کا اصل نام اُدگا منڈلم ہے۔ جو بعد میں اُوٹی یا نیل گری کے نام سے مشہور ہے۔ اس کا ایک اور نام اوٹا کمنڈ بھی ہے۔ نیلے رنگ کی یہ پہاڑیاں دیدہ زیب، دلکش، پر فضا اور خوشگوار ہیں۔ ٹھنڈے موسم کی وجہ سے دنیا بھر کے سیاحوں کے لیے انتہائی پر کشش مقام ہے۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے اس کو ''پہاڑی مقامات کی ملکہ'' کا خطاب دیا تھا۔ یہ شہر سطح سمندر سے دو ہزار دو سو چالیس میٹر کی بلندی پر واقع ہے۔

اوٹی کی تفریحی لذتوں کو بڑھاوا دینے میں انگریزوں کے زمانے میں قائم کردہ ریلوے نظام بھی کافی اہم ہے۔ سیاح اس ریل سے سفر کرتے ہوئے یہاں کے قدرتی مناظر کا بھرپور نظارہ کرتے ہوئے ششدر رہ جاتے ہیں۔ ریلوے لائن کی دونوں جانب دلکش نظارے ہرے بھرے کھیت نیلی نیلی پہاڑیاں اور قدرتی مناظر اس علاقے کو جنتِ ارضی بنادیتے ہیں۔ یہ ریل کلّار اور میٹو پالیم کے درمیان چلتی ہے۔ اس راستہ میں خطرناک رونگھٹے کھڑے کرنے والے موڑ اور سرنگ بھی ملتے ہیں۔

میسورو سے جاتے ہوئے گنڈل پیٹ سے آگے جو پہاڑی سلسلہ شروع ہوتا ہے، اسی کا ایک پرفضا مقام اوٹی ہے۔ پہاڑ پر ستائیس خطرناک موڑ ہیں جنہیں ہیر پن بینڈ Hair pin bend کہا جاتا ہے۔ سیاح یہاں سے سواریوں کے ذریعہ دم بخود گزرتے ہیں۔

اوٹی کے دیگر قابل دید مقامات:




اوٹی بوٹانیکل گارڈن کا منظر

اوٹی بوٹانیکل گارڈن:

بائیس ایکڑ زمین پر محیط یہ ایک انتہائی قابلِ دید مقام ہے۔ جس کی نگرانی تملناڈ حکومت کرتی ہے۔ اس کے قیام کا اصل مقصد تعلیم کی خاطر تھا مگر اسے اب ایک عوامی پارک کی حیثیت دیدی گئی ہے۔ ہر سال مئی کے مہینے میں "پھولوں کی نمائش" کا اہتمام ہوتا ہے۔ اس میں بیس ملین سالہ قدیم درخت کا رکاز (fossil) ہے اور مختلف قسم کے پھول والے درخت بھی ہیں۔

بوٹنگ سنٹر (جھیل):



بوٹنگ سنٹر (جھیل) کا منظر

اطالوی انداز کا ایک اور باغ بھی ہے جو جھیل کو اطراف سے گھیرے ہوئے ہے۔ یہ مقام پرندوں کے نظارہ کے لیے بہترین مقام ہے۔ یہ ایک مصنوعی جھیل ہے جسے ایک انگریز نے بنایا تھا جس کا نام جان سُلّون تھا۔ موجودہ رقبہ چار کلومیٹر ہے۔ یہ کسی زمانے میں اور وسیع تھا۔ ڈھائی کلومیٹر جھیل کے اطراف اب بس اڈہ، ریس کورس اور مارکیٹ موجود ہیں۔ کشتی رانی (بوٹنگ) ایک اہم تفریح کا ذریعہ اسی جھیل میں ہے۔ اس کشتی رانی سے پرسکون ماحول کا نظارہ ہوتا ہے۔ اسی جھیل کے اطراف بلند و بالا نیلگری کے درخت ہیں جو وہاں کے قدرتی منظر کو بڑھاوا دیتے ہیں۔

سینٹری روز پارک:

شہر اوٹی کے ٹھیک درمیان یہ باغ بسایا گیا ہے جس کے اطراف انتہائی خوبصورت گُلاب والی کمانوں، سُرنگوں اور گلاب کی بیلوں کے خلوت خانے سجائے گئے ہیں۔ اس باغ کے اندر ہمہ قسم کی رنگت والے گلاب مثلاً سیاہ اور سبز رنگ کے گلاب بھی پائے جاتے ہیں اور تقریباً تین ہزار قسم کے گلاب یہاں مل سکتے ہیں۔

اسٹون ہاوز یا سنگ خانہ:

یہ سب سے پہلا گھر ہے جو باقاعدہ طور پر اوٹی میں تعمیر شدہ ہے۔ اس علاقہ کو قدیم اوٹی کہا جاتا ہے۔ اس کے معمار جان ولین تھے یہ موجودہ گورنمنٹ آرٹس کالج کے احاطے میں واقع ہے جو حکومت کے دفاتر پر مشتمل ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اوٹی کی پہاڑی ریل:

یہاں کا ریلوے اسٹیشن دنیا کا موروثی مقام کہلاتا ہے۔ یہاں برٹش یعنی انگریزوں کے زمانے میں قائم ریلوے نظام دیکھنے کو ملتا ہے جو کہ قدیم ہندوستان کے ریلوے نظام کی نمائندگی کرتا ہے۔ مدراس ریلوے کمپنی نے اسے 1908ء میں شروع کیا تھا۔

سینٹ اسٹیفن چرچ:

یہ اس شہر کے قدیم ترین چرچوں میں شمار ہوتا ہے اور امتیازی شان کا مالک ہے۔ اس کی تعمیر اپنے عہد کی تجدید کی شہادت دیتی ہے۔ یہ برطانوی عہد کی فنِ تعمیر سے یکسر مختلف ہے۔ اس کی دیواروں کو پشتہ سے محفوظ کر دیا گیا ہے اس عمارت کے کنکرے بھی اس کی شان کو بڑھاتے ہیں اور یہاں حسب معمول عبادت بھی زور شور سے چلتی ہے۔ یہ چرچ ضلعی کورٹ کے قریب واقع ہے۔

وین لاک نشیب:

یہ گھاس سے بھرپور نشیبی علاقہ ہے جو کہ نیلگری کا قابلِ دید مقام ہے۔ یہ لندن کے یارک شائر کے مقام سے ملتا جلتا ہے۔ یہاں عام طور پر فلموں کی شوٹنگ یا منظر بندی کی جاتی ہے۔

قبائلی نمائش گاہ (ٹرائبل میوزیم):

اوٹی سے دس کلومیٹر کی دوری پر ٹرائبل ریسرچ سنٹر ہے جو متھورائی پلاڈا میں واقع ہے۔ اس کے ایک حصّہ میں قبائلی نمائش گاہ بھی ہے جس میں ریاست تملناڈو کے مختلف قبائلی فرقوں کی تصاویر جمع کی گئی ہیں۔ ساتھ ہی انڈمان، نکوبار کے قبائلی لوگوں کی زندگی کی عکاسی بھی کی گئی ہے جس میں انسانی تہذیب کی ابتدائی جھلکیاں دیکھنے کو ملتی ہیں۔ ٹوڈا، کوٹا، پانیا، کرمبا اور کنی کرن قبیلوں کی رہائش گاہوں کا حوالہ ملتا ہے۔

اوٹی کے اطراف و اکناف کے قابلِ دید مقامات میں قابلِ ذکر مقام دوڈّابیٹّا ہے جو کہ سطح سمندر سے دو ہزار چھ سو تیس میٹر کی بلندی پر واقع ہونے کی وجہ سے اس علاقے کی سب سے بلند چوٹی کہلاتی ہے۔ یہ مشرقی اور مغربی گھاٹ کو ملاتی ہے۔ یہاں سے خوبصورت پہاڑی سلسلوں کے ساتھ ساتھ خوبصورت مناظر اور سارے اوٹی کا نظارہ بھی کیا جا سکتا ہے۔

© TNSCERT NOT TO BE REPUBLISHED

چائے کے باغات:

اوٹی کے ڈھلوان یا نشیبی علاقوں میں چائے کے باغات کا نظارہ بھی انتہائی دلفریب و دلکش ہوتا ہے۔

آبشار:

اس علاقے میں بوٹنگ اور پکنک کا بہترین انتظام ہونے کی وجہ سے سیاحوں کے لیے خاص کشش رکھتا ہے۔

پائن جنگل:

پائن نامی درختوں سے بھرپور جنگل بھی اپنے اندر دلکشی رکھتا ہے۔ یہ ایک قسم کی عمدہ لکڑی ہوتی ہے جس سے نفیس قسم کے فرنیچر تیار کئے جاتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I الفاظ و معانی:

دیدہ زیب = آنکھوں کو بھلی لگنا

دلکش = دل کو لبھانے والا

پرفضا = راس آنے والا موسم

سیاح = گھومنے پھرنے والا، سیر و تفریح کے لیے آنے جانے والا

ششدر = (محاورہ) حیران پریشان ہونا، گمصم ہوجانا

جنت ارضی = زمین کی جنت

سرنگ: = پہاڑ کھود کر بنایا جانے والا راستہ

ہیر پن بینڈ = بالوں میں لگایا جانے والے پِن کی شکل جیسا راستے کا موڑ

بوٹانیکل = نباتاتی

اطالوی = ملک اٹلی سے تعلق رکھنے والا

دم بخود = سانس روک کر

نیلگری = یوکلپٹس، ایک قسم کا نباتاتی تیل جو سردی زکام کی دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

خلوت خانہ = تنہائی والا کمرہ

سنگین = پتھر کا بنا ہوا

موروثی = ورثہ یا وراثت میں ملا ہوا

یکسر = ایک دم، یک لخت

پشتہ = وہ بنیادی تعمیر جو کسی دیوار کی مضبوطی کے لیے اس کے نچلے حصّے سے جوڑ دی جاتی ہے۔

یارک شائر = لندن کا ایک مشہور ضلع

II (الف) ان سوالات کے مختصر جواب لکھیے:

۱۔ میسورو سے شہر اوٹی کا فاصلہ کیا ہے؟

۲۔ اوٹی کے دیگر نام بتائیے۔

۳۔ ''پہاڑی مقامات کی ملکہ'' کس نے کس کو کہا؟

۴۔ اوٹی کا ریلوے نظام کس کا قائم کردہ ہے؟

۵۔ بوٹانیکل گارڈن کا احاطہ کتنا ہے؟

۶۔ بوٹانیکل گارڈن کا قدیم درخت کا رکاز کتنے سال پرانا ہے؟

۷۔ جھیل پر تفریح کا اہم ذریعہ کیا ہے؟

۸۔ روز پارک میں کتنے قسم کے گلاب پائے جاتے ہیں؟

۹۔ اسٹون ہاوز کی خصوصیت کیا ہے؟

۱۰۔ سینٹ اسٹیفن چرچ کہاں واقع ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب) ان کے تفصیلی جواب لکھیے:

۱) شہر اوٹی کہاں واقع ہے؟ اس کے مختلف نام کیا ہیں؟

۲) اوٹی کو تفریحی مقام کہے جانے کی وجوہات کیا ہیں؟

۳) بوٹانیکل گارڈن پر اپنی معلومات قلمبند کیجیے۔

۴) اوٹی کے ریلوے نظام پر چار پانچ جملے لکھیے۔

(ج) درج ذیل جملوں کو مکمل کیجیے:

۱) پنڈت نہرو نے اوٹی کو _____ کہا۔

۲) اوٹی سطح سمندر سے _____ میٹر کی بلندی پر ہے۔

۳) دوڈّا بیٹّا _____ گھاٹ کو _____ گھاٹ سے ملاتا ہے۔

۴) ہر سال _____ کے مہینے میں پھولوں کی نمائش ہوتی ہے۔

۵) بوٹ ہاوز کے اطراف بس اڈّہ، _____ اور _____ ہیں۔

(د) ہندوستان کے دیگر تفریحی مقامات میں سے ذیل کے بارے میں اپنے استاد/استانی سے معلومات حاصل کیجیے۔

دارجلنگ، شملہ، دہرہ دون، موہالی

(ھ) اوٹی کے مشہور و معروف پھولوں اور پھلوں کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

کلمہ: وہ لفظ ہے جس کے کچھ معنی ہوں۔ مثلاً انسان، علم، درخت وغیرہ ان کو **'مستقل کلمہ'** کہتے ہیں۔

مستقل کلمہ کی پانچ قسمیں ہیں۔

اسم، ضمیر، صفت، فعل، متعلق فعل

مہمل: وہ لفظ ہے جس کے کچھ معنی نہ ہوں مثلاً چائے وائے۔ اس میں لفظ ''وائے'' مہمل ہے۔

تنہا معنی نہ دینے والے الفاظ کو **'غیر مستقل کلمہ'** کہتے ہیں، مثلاً پر، نے، کو، کی، سے وغیرہ۔

غیر مستقل کلمہ کے چار اقسام ہیں۔

حرف ربط، حرف عطف، حروف تخصیص، حرف فجائیہ

اسم: اسم کسی شخص یا چیز یا جگہ کے نام کو کہتے ہیں۔

مثلاً: حامد، کتاب، بنگلورو، آدمی وغیرہ

اسم کی دو قسمیں ہیں۔ اسم عام، اسم خاص

اسم عام: وہ اسم ہے جو ایک ہی قسم کی چیز کا نام ہو۔

مثلاً: ٹوپی، بازار، گھر، گائے وغیرہ

اسم خاص: کسی خاص چیز جگہ یا شخص کے نام کو کہتے ہیں۔

مثلاً: محمود، میسورو، کوہ نور وغیرہ

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:05

Z7U2C9

ہمالہ

سر محمد اقبالؔ



NOT TO BE PUBLISHED

ہر شخص کو اپنے وطن کی سرزمین سے اور اس کے ذّرے ذّرے سے محبت ہوتی ہے۔ وہ اپنے ہم وطنوں کے کارناموں پر فخر کرتا ہے اور وہ اپنے ملک کی تعریف میں رطب اللسان رہتا ہے۔ دیکھئے اس نظم میں شاعر نے کوہ ہمالیہ کو فصیل کشور ہندوستان قرار دے کر ایک بے مثال نظم لکھی ہے۔

ہمالہ

اے ہمالہ اے فصیل کشور ہندوستان　　چومتا ہے تیری پیشانی کو جھک کر آسماں

تجھ میں کچھ پیدا نہیں دیرینہ روزی کے نشاں　　تو جواں ہے گردش شام و سحر کے درمیاں

ایک جلوہ تھا کلیم طور سینا کے لیے
تو تجلی ہے سراپا چشم بینا کے لیے

امتحان دیدۂ ظاہر میں کوہستاں ہے تو　　پاسباں اپنا ہے تو دیوار ہندوستاں ہے تو

مطلع اول فلک جس کا ہو وہ دیواں ہے تو　　سوئے خلوت گاہ دل دامن کش انساں ہے تو

برف نے باندھی ہے دستار فضلیت تیرے سر
خندہ زن ہے جو کلاہ مہر عالم تاب پر

تیری عمر رفتہ کی اک آن ہے عہد کہن　　وادیوں میں ہیں تری کالی گھٹائیں خیمہ زن

چوٹیاں تیری ثریا سے ہیں سرگرم سخن　　تو زمیں پر اور پہنائے فلک تیرا وطن

چشمۂ دامن ترا آئینہ سیال ہے
دامن موج ہوا جس کے لیے رومال ہے

اے ہمالہ! داستاں اُس وقت کی کوئی سنا　　مسکن آبائے انساں جب بنا دامن ترا

کچھ بتا اس سیدھی سادی زندگی کا ماجرا　　داغ جس پر غازۂ رنگ تکلف کا نہ تھا

ہاں دکھا دے اے تصور پھر وہ صبح و شام تو
دوڑ پیچھے کی طرف اے گردش ایام تو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I الفاظ ومعانی:

فصیل	=	شہر کے اطراف بنی ہوئی دیوار
کِشور	=	مُلک
دیرینہ روزی	=	قدیم زمانہ
کلیم	=	بات کرنے والا
طور سینا	=	اس پہاڑ کا نام جس پر حضرت موسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ کا جلوہ نظر آیا
تجلی	=	نور، روشنی
چشم بینا	=	دیکھنے والی آنکھ
کوہستان	=	پہاڑوں کا سلسلہ
پاسبان	=	نگہبان
دیوان	=	غزلوں کا مجموعہ
خلوت گاہ	=	تنہائی کی جگہ
دامن کش	=	دامن کھینچنے والا
خندہ زن	=	ہنسنے والا
کلاہ	=	ٹوپی،
مہر عالم تاب	=	دنیا کو چمک یعنی روشنی دینے والا سورج
ثریا	=	سات ستارے جو آسمان میں پاس پاس رہتے ہیں
پہنائے فلک	=	آسمان کی وسعت
سرگرم سخن	=	بات چیت میں مصروف
مسکن	=	گھر
آباء	=	باپ دادا
غازہ	=	پاؤڈر، اُبٹن
مہر	=	سُورج

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II (الف) ان سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:

۱۔ ہمالہ کو کون چومتا ہے؟ ۲۔ دیوار ہندوستان کون ہے؟

۳۔ ثریا سے کون سرگرم سخن ہے؟ ۴۔ ہمالہ کی وادیوں میں کون خیمہ زن ہیں؟

II (ب) ان سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیے:

۵۔ کوہ ہمالہ تیری سیدھی سادی زندگی کا ماجرا کیا ہے؟ ۶۔ عالم تصور میں اقبالؔ کیا دیکھنا چاہتے ہیں؟

III ان الفاظ کی جنس بتایئے۔

جلوہ پیشانی کوہستان دیوار فلک دامن ماجرا تصور

IV مثال کے مطابق ذیل کے الفاظ سے اسم بنایئے۔ جیسے ''رسوا'' سے رسوائی۔

تنہا _____ جدا _____ ہم نوا _____

کبریا _____ بے وفا _____ فدا _____

V اقبال کی نظم ''ہمالہ'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تعارف: سر محمد اقبالؔ



سر محمد اقبالؔ 1877ء میں سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ ابتداء میں فارسی اور عربی پڑھی اس کے بعد اعلیٰ ڈگریاں حاصل کیں۔ جرمنی سے فلسفے اور بیرسٹری کے امتحان پاس کئے۔ وکالت کو ذریعۂ معاش بنایا اور کچھ عرصہ اورینٹل کالج لاہور میں پروفیسر بھی رہے۔ داغؔ دہلوی سے اصلاح لی۔

بانگِ درا، بالِ جبریل اور ضربِ کلیم آپ کے شعری مجموعے ہیں۔ آپ نے اردو زبان کو نیا اسلوب بخشا۔

☆☆☆



سبق:6

رفیع احمد قدوائی

ادارہ

رفیع احمد قدوائی اتر پردیش میں بمقام مسولی 1894ء میں ایک زمین دار خاندان میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے آپ کو علی گڑھ بھیجا گیا۔

رفیع احمد قدوائی تحریک عدم تعاون میں شریک ہوئے اور جیل بھی بھیج دیئے گئے۔ رہائی کے بعد موتی لال نہرو کے سکریٹری کی حیثیت سے کام کرنے لگے۔ سوراج پارٹی میں بھی شامل ہو گئے۔ 1926ء میں وہ مرکزی قانون ساز اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے۔ 1924ء سے 1940ء کے دوران عملی طور پر تحریکِ آزادی میں حصہ لیا اور قید خانے کی تکالیف برداشت کیں۔ رائے بریلی کے کسانوں کی کوئی ''ٹیکس نہ دو'' مہم میں شامل ہوئے اور کانگریس کی اعتدال پسند پالیسی کے خلاف احتجاج کیا۔

پہلے وہ یو۔ پی کانگریس کے جنرل سکریٹری رہے بعد میں 1935ء میں صدر چن لیے گئے۔ 1937ء میں اسمبلی کے ممبر چنے گئے۔ کانگریس وزرات میں وزیر مال بنائے گئے اور کئی موقعوں پر وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے کام کیا۔ 1942ء میں یو۔ پی کے وزیر داخلہ رہے اور بعد میں مرکزی کابینہ میں شامل ہو گئے۔ پہلے بحیثیت وزیر مواصلات اور بعد میں موت تک 1954ء بحیثیت وزیر غذا اور زراعت کام کیا۔

قدوائی صاحب بڑے حقیقت پسند اور لگن سے کام کرنے والے آدمی تھے اور اپنی انتظامی صلاحیتوں کے لیے مشہور تھے۔ رات کی ہوائی سروس، خود اپنا ٹیلی فون لیجیے کی اسکیم، چوبیس گھنٹے کی پوسٹل سرویس اور ڈاک تار کی اتوار کی تعطیل بھی ان کے کارنامے ہیں۔ ملک میں انتہائی خراب غذائی صورتِ حال کا مقابلہ انہوں نے بڑے عمدہ طریقے سے کیا جو آج تک یاد کیا جاتا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مہاراجہ بکرماجیت، چندرگپت، اشوک اور اکبر وغیرہ اس لیے مشہور ہیں کہ انہیں رعایا کا بڑا خیال تھا۔ وہ بھیس بدل کر لوگوں کی تکالیف معلوم کرتے تھے اور ان کی پریشانیوں کو دور کرتے تھے حالانکہ، وہ مطلق العنان بادشاہ تھے۔ رفیع احمد قدوائی کا نام اکثر کانپور، الہ آباد، بنارس اور لکھنؤ میں آج بھی لیا جاتا ہے کہ وہ اپنے محکمہ کی دیکھ بھال ایک عام آدمی بن کر کرتے تھے۔ ان کے دورے شاہانہ ٹھاٹ باٹ سے نہیں ہوتے تھے۔ معمولی سی اچکن پائجامہ اور جوتا اور کسی رکشہ یا تانگے پر بیٹھ کر وہ غلہ کی دکانوں کا معائنہ کیا کرتے تھے۔ کاش آج بھی کچھ رفیع قدوائی پیدا ہو جائیں تو بھارت کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ شہر بنگلور، کرناٹک میں، کینسر کا ایک اسپتال رفیع احمد قدوائی کے نام سے موسوم ہے۔

I الفاظ و معنی:

تحریک عدم تعاون = گاندھی جی کی قیادت میں انگریز سرکار کے خلاف چلائی گئی تحریک

سوراج پارٹی = آزادی کی خاطر جدوجہد کرنے والی سیاسی پارٹی

نمک ستیہ گرہ = گاندھی جی کی مشہور تحریک جو کہ ڈانڈی مارچ کے نام سے بھی مشہور ہے۔

اعتدال = درمیانی

کابینہ = وزیروں کی جماعت

وزیرِ مواصلات = ٹیلی کمیونی کیشن وزیر

انتظامی صلاحیت = کسی کام کو سلیقہ سے نپٹانا

مطلق العنان = آزاد طبیعت کے مالک

اچکن = شیروانی، ایک قسم کا مردانہ پہناوا

غلّہ = اناج

II (الف) ان سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھیے:

۱۔ رفیع احمد قدوائی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۲۔ رفیع احمد صاحب کی اعلیٰ تعلیم کہاں ہوئی؟

۳۔ رفیع صاحب کب اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے؟

۴۔ رائے بریلی کی مشہور تحریک کا نام بتایئے۔

۵۔ رفیع صاحب اتر پردیش کے وزیر داخلہ کب بنے؟

۶۔ رفیع صاحب کی شمولیت مرکزی کابینہ میں کب ہوئی؟

(ب) ان الفاظ کی جمع لکھیے:

تحریک، ممبر، تکلیف، قید، احتجاج، صلاحیت، انتظام

(ج) ان کی اضداد لکھیے:

عدم تعاون، برداشت، لگن، اعتدال، شریک

(د) ان کی جنس بتایئے:

تحریک، قانون، کسان، کابینہ، کارنامہ، غذا، صورتِ حال

III فہرست 'الف' اور 'ب' میں جوڑ لگایئے:

'الف'	'ب'
(۱) رفیع احمد قدوائی کی پیدائش	a. کا مقابلہ کیا۔
(۲) موتی لال نہرو	b. 1942ء میں بنے۔
(۳) یو۔پی۔ کے وزیر داخلہ	c. کے سکریٹری بنے۔
(۴) خراب غذائی صورت حال	d. 1930ء میں ہوئی۔
	e. 1894ء میں ہوئی۔

IV درجہ ذیل الفاظ کے معنوی فرق پہچانیئے:

لال، لعل، باد، بعد، چِین، چَین، ہَوا، ہُوا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

اسم خاص کی چھ قسمیں ہیں۔

۱۔علم	۲۔خطاب
۳۔تخلص	۴۔لقب
۵۔عرف	۶۔ کنیت

۱۔علم: وہ اسمِ خاص ہے جو کسی خاص شخص یا چیز، جگہ کا نام ہو۔

جیسے:۔کلیم، لکھنؤ، جمنا

۲۔خطاب: وہ اسمِ خاص ہے جو سرکار یا دربار کی طرف سے کسی خدمت کے صلے میں دیا جائے۔

جیسے:۔ بھارت رتن، پدم شری، پدم بھوشن وغیرہ۔

۳۔تخلص: وہ چھوٹا سا نام جو شاعر اپنے کلام کے آخری شعر میں استعمال کرتا ہے۔

جیسے:۔ میرؔ، اقبالؔ، فانیؔ، فیضؔ، جگرؔ وغیرہ

۴۔لقب: وہ اسم خاص ہے جو کسی خاص، وصف کی وجہ سے مشہور ہو۔

جیسے:۔کلیم اللہ، ذبیح اللہ وغیرہ

۵۔عرف: وہ چھوٹا سا نام ہے جسے گھر والے یا لوگ پکارتے ہیں۔

جیسے:۔مُنی، چھوٹو، نتھو، پیارو، وغیرہ

۶۔کنیت: عربی طرز کا وہ نام جس میں پہلے ابو، اُم، اِبن، بنت پایا جائے۔

جیسے:۔ابوطالب، اُم ہانی، ابنِ مریم، بنتِ حوا وغیرہ

☆☆☆

@KBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:07

گرمی کا موسم

مولانا اسماعیل میرٹھی

سال میں کئی موسم آتے ہیں۔موسم سرما، موسم گرما، بہار کا موسم اور خزاں کا موسم۔اکثر اردو شعرا نے موسم گرما پر بہترین نظمیں لکھی ہیں۔اسماعیل میرٹھی نے بھی گرمی کے موسم پر ایک کامیاب نظم لکھی ہے۔نظم پڑھ کر گرمی کا اندازہ لگائیے،اس نظم میں گرمی کے موسم کی بہترین عکاسی کی گئی ہے۔امیروں اور غریبوں کا موازنہ بھی بہت خوب ہے۔

مئی کا آن پہنچا ہے مہینا — بہا چوٹی سے ایڑی تک پسینا
بجے بارہ تو سورج سر پہ آیا — ہوا پیروں تلے پوشیدہ سایا
چلی لُو اور تڑاقے کی پڑی دھوپ — لپٹ ہے آگ کی گویا کڑی دھوپ
زمیں ہے یا کوئی جلتا توا ہے — کوئی شعلہ ہے یا پچھوا ہوا ہے
در و دیوار ہیں گرمی سے تپتے — بنی آدم ہیں مچھلی سے تڑپتے
پرندے اڑ کے ہیں پانی پہ گرتے — چرندے بھی ہیں گھبرائے سے پھرتے
درندے چھپ گئے ہیں جھاڑیوں میں — مگر ڈوبے پڑے ہیں کھاڑیوں میں
نہ پوچھو کچھ غریبوں کے مکاں کی — زمین کا فرش ہے چھت آسماں کی
نہ پنکھا ہے نہ ٹٹی ہے نہ کمرہ — ذرا سی جھونپڑی محنت کا ثمرہ

امیروں کو مبارک ہو حویلی
غریبوں کا بھی ہے اللہ بیلی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I الفاظ ومعانی:

پوشیدہ = چھپا ہوا

تڑاقا = گرمی کی شدت

لُو = اس قدر گرم ہوا جس سے اکثر لوگوں کی موت ہو جاتی ہے

پچھوا = پچھّم کی ہوا، مغرب کی ہوا

کھاڑی = خلیج

ٹٹی = گھاس پھُوس کا پردہ

ثمرہ = پھل

بیلی = نگہبان

II (الف) ان سوالوں کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:

۱۔ مئی کے مہینے میں انسان کا کیا حال ہوتا ہے؟

۲۔ سورج سر پہ آنے کے بعد سایہ کہاں جاتا ہے؟

۳۔ مئی کے مہینے میں زمین کی کیا حالت ہوتی ہے؟

۴۔ بارہ بجے کی دھوپ کیسی ہوتی ہے؟

۵۔ اللہ بیلی سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

II (ب) ان سوالوں کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیے:

۱۔ گرمی کے مارے چرندوں اور پرندوں کا حال لکھیے؟

۲۔ موسم گرما میں درندے کہاں چلے جاتے ہیں؟

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۳۔ شاعر نے غریبوں کے مکان کا نقشہ کس طرح کھینچا ہے؟

۴۔ شاعر نے نظم ''گرمی کا موسم'' میں گرمی کی شدت کا کیا احوال بیان کیا ہے لکھیے۔

III ان محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

سورج سر پہ آنا، مچھلی سا تڑپنا

IV ان الفاظ میں سے بے میل لفظ کی نشاندہی کیجیے:

۱۔ دھوپ، گرمی، پودینہ، پسینہ

۲۔ پرندے، درندے، چرندے، کیلے

V ان بے ترتیب مصرعوں کو ترتیب سے لکھیے:

کڑی دھوپ گویا لپٹ ہے آگ کی

مکان کے غریبوں کی کچھ نہ پوچھو

اللہ بیلی غریبوں کا بھی ہے

VI ان مصرعوں کو مکمل کیجیے:

درودیوار ہیں۔۔۔۔سے۔۔۔۔۔۔

بنی۔۔۔۔ہیں۔۔۔۔سے۔۔۔۔۔

۔۔۔۔چھپ گئے ہیں۔۔۔۔۔میں

مگر ڈوبے۔۔۔۔ہیں۔۔۔۔۔میں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VII مذکر اور مونث الفاظ الگ کیجیے:

پوشیدہ، لُو، ہوا، مکان، محنت، ٹٹی، مچھلی

VIII دونوں خالی جگہوں کو ایک ہی مناسب لفظ سے پُر کر کے بامعنی جملے بنائیے:

(۱) باسی _____ میں جیسے ابال آ گیا۔

_____ دھوپ کی مسافت جان لیوا ہوتی ہے۔

(۲) ایک ہی _____ میں کپڑا پھٹ گیا۔

_____ کی تپش سے زمین توے جیسی گرم ہو جاتی ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

تعارف: مولانا اسماعیل میرٹھی



مولانا اسماعیل میرٹھی 1844ء کو میرٹھ میں پیدا ہوئے۔ سولہ برس کی عمر میں محکمہ تعلیم میں ملازمت اختیار کی۔ پیدائش میرٹھ کی تھی میرٹھ اور سہارنپور میں ایک عرصہ تک بحیثیت فارسی معلم کے اپنی خدمات انجام دیں۔ 1899ء کو ملازمت سے وظیفہ یابی کے بعد تصنیف و تالیف میں اپنی زندگی گذار دی۔ آپ نے بچوں کے لیے مختلف کتابیں لکھیں جو بہت مشہور ہوئیں۔ مولوی صاحب نہ صرف شاعر تھے بلکہ ایک صاحب طرز نثر نگار بھی تھے۔ ان کے ہاں اردو کا طرز جدید و قدیم دونوں ملتے ہیں۔ سرکار نے ان کی ادبی خدمات کے صلے میں انہیں ''خان صاحب'' کے خطاب سے نوازا۔ یکم نومبر 1917ء کو اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔

☆☆☆

سبق:08

ناریل

ادارہ




©KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

ہمارے ملک ہندوستان کے مشہور ومعروف پھلوں میں ناریل کا شمار ہوتا ہے۔ ناریل کے درخت جنوبی ہندوستان میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔ ہندوستان کے علاوہ سری لنکا، ملیشیا اور انڈونیشا وغیرہ میں بھی پائے جاتے ہیں۔ ان درختوں کی باقاعدہ کاشت کی جاتی ہے۔ اس کے درخت نہایت طویل اور بلند وبالا ہوتے ہیں۔ ان میں سے بعض درختوں کی اونچائی پچاس تا ساٹھ فیٹ ہوتی ہے۔ اس کا تنا کافی مضبوط اور توانا ہوتا ہے۔

اس کے پتے صرف درخت کے اوپری حصہ میں چھتری نما انداز میں پھیلتے ہیں۔ درخت کے اوپری حصّے ہی میں پھول کھلتے ہیں اور آہستہ آہستہ پھل کی شکل اختیار کرتے ہیں۔ ناریل کا پھل نہایت گول مضبوط اور فٹ بال کی شکل کا ہوتا ہے۔ اوپری چھلکا نہایت صاف اور متین ہوتا ہے۔ اس کا اندرونی حصہ ریشہ دار گچھوں سے بنا ہوا ہوتا ہے۔ ریشوں کے بعد اندرونی خول ایک مضبوط سطح والا ہوتا ہے جس کے اندر نہایت لذیذ شیریں اور فرحت بخش پانی ہوتا ہے جسے لوگ بڑے ہی شوق سے پیتے ہیں۔ یہ کئی ایک بیماریوں میں نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔ خصوصاً بخار اور دیگر امراض میں اسے استعمال کرتے ہیں۔ جس سے بدن کو راحت اور سرور حاصل ہوتا ہے۔

یہی پانی جب پھل کے اندر سوکھ جاتا ہے تو سخت تہ دار شکل اختیار کر لیتا ہے۔ جسے ہم کھوپرا یا ناریل کہتے ہیں۔ جب یہ اچھی طرح سوکھ جاتا ہے تو اسے مشینوں کے ذریعہ کچل کر اس سے تیل نکالا جاتا ہے اور یہ تیل کئی طرح سے انسانوں کے استعمال میں آتا ہے۔ سر پر اس کا تیل لگاتے اور مالش کرتے ہیں، جس سے دماغ کو استراحت ہوتی ہے۔ یہ تیل پکوانوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس تیل کی برآمد سے ہمارا ملک کروڑوں کا زرمبادلہ کماتا ہے۔

ہندو بھائی اس پھل کو نہایت مقدس مانتے ہوئے اپنے پوجا پاٹھ میں استعمال کرتے ہیں۔ اپنے دیوی دیوتاؤں پر بھینٹ چڑھاتے ہیں اور شادی بیاہ اور دیگر رسم ورواج میں بکثرت اس کا استعمال ہوتا ہے۔ علاوہ اس کے، اسے سالن بنانے میں ایک اہم مسالے کی طرح استعمال کیا جاتا ہے جس سے سالن میں لذت پیدا ہوتی ہے۔ اس کی مٹھائیاں بھی بنائی جاتی ہیں۔ جب اسے دودھ اور شکر سمیت گھول کر پکایا جاتا ہے تو ایک خاص قسم کی لذت دار مٹھائی بنتی ہے۔





شمالی ہند میں اگرچہ کہ اس کے درخت نہیں پائے جاتے مگر لوگ اسے کچا ہی استعمال کرتے ہیں اور خوب مزے لے لے کر کھاتے ہیں۔





کھجور کے درخت کی طرح ناریل کے درخت کا ایک ایک حصہ نہایت کارآمد ہوتا ہے۔ اس کی پتّیوں کو بُن کر ان کی جھونپڑیاں چھپر اور سائبان بنائے جاتے ہیں۔ ان پتیوں کے درمیان لمبی سی تیلیاں ہوتی ہیں جن سے جھاڑو اور دیگر سامان آرائش وزیبائش تیار کئے جاتے ہیں۔ ناریل کے درختوں کے تنے چیرے جاتے ہیں اور ان سے ستونوں کا کام لیا جاتا ہے اور کہیں کہیں اسے عمارتی ساز وسامان کی طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ ساز وسامان کی تیاری کے مابعد اس کے جو کچھ حصے بچ جاتے ہیں انہیں ایندھن کے طور پر استعمال کر لیا جاتا ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED

I الفاظ ومعانی:

کاشت = زراعت

بلند وبالا = اونچے

متین = مضبوط

خول = اندرونی غلاف

لذیذ = مزہ دار

شیریں = میٹھا

فرحت بخش = خوشی اور اطمینان پہنچانے والا

امراض = مرض کی جمع، بیماریاں

تہ دار = مختلف سطح والا

استراحت = آرام، سکون

زرمبادلہ = غیر ملکوں سے حاصل ہونے والی رقم یا پیسہ

مقدس = قابل عزت و تعظیم

بھینٹ = نذر کرنا، عقیدت کے ساتھ ادا کرنا

تیلی = لمبی پتلی سی لکڑی جسے عرف عام میں کاڑی کہتے ہیں

مابعد = بعد ازاں، اس کے بعد

ایندھن = جلانے کے لیے استعمال ہونے والی چیز

طویل = لمبا

توانا = سخت، مضبوط

II درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

توانا، طویل، شیریں، امراض، مقدس

III ان کی اضداد بنائیے:

متین، برآمد، طویل، توانا، شیریں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV ان کی جمع بنائیے:

تیلی، مرض، گچھا، درخت، جھونپڑی

V (الف) ان سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:

(۱) ناریل کا شمار کس میں ہوتا ہے؟ (۲) ناریل کے درختوں کی لمبائی کتنی ہوتی ہے؟

(۳) ناریل کے پھل کی شکل کیسی ہوتی ہے؟

(ب) ان سوالات کے جوابات دو تین جملوں میں لکھیے:

(۱) ناریل کے درخت کہاں پائے جاتے ہیں؟ (۲) ہندو بھائی ناریل کا استعمال کیسے کرتے ہیں؟

VI ان کے تفصیلی جوابات لکھیے:

(۱) ناریل کے درخت کے بارے میں اپنی معلومات لکھیے۔

(۲) ناریل کے پھل کے استعمال کی مختلف صورتیں لکھیے۔

(۳) ناریل کے درخت سے کیا کیا چیزیں بنتی ہیں؟

VII اپنے استاد/ استانی سے معلومات حاصل کیجیے کہ کرناٹک میں ناریل کی پیداوار اور اس کی تجارت کے مشہور مراکز کون کونسے ہیں۔

VIII خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے:

(۱) ناریل کے درختوں کی لمبائی _____ تا _____ فیٹ ہوتی ہے۔

(۲) ناریل کے مغز کو _____ کہتے ہیں۔

(۳) ناریل دیوی دیوتاؤں کی _____ چڑھائے جاتے ہیں۔

(۴) ناریل کا تیل _____ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

(۵) ناریل سے بنی _____ نہایت مضبوط ہوتی ہیں۔

(رسیاں، پکوان، پچاس، ساٹھ، بھینٹ، کھوپرا)

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

اسمِ عام کی قسمیں: اسمِ عام کی آٹھ قسمیں ہیں۔

۱۔اسم ذات ۲۔اسمِ ظرفِ مکان ۳۔اسمِ ظرفِ زماں ۴۔اسم مادہ

۵۔اسم جمع ۶۔اسم آلہ ۷۔اسم کیفیت ۸۔اسم صوت

۱۔ **اسم ذات:** وہ اسم ہے جس سے ایک چیز دوسری چیز سے بلا لحاظ وصف پہچانی جائے۔

جیسے:-الماری، کاغذ، قلم وغیرہ

۲۔ **اسم ظرف مکاں:** وہ اسم ہے جس میں جگہ یا مقام کے معنی پائے جائیں۔

جیسے:-مسجد، مندر، دواخانہ وغیرہ

۳۔ **اسم ظرف زماں:** وہ اسم جس میں وقت یا زمانے کے معنی پائے جائیں۔

جیسے:-سہ پہر، رات، صبح، شام وغیرہ

۴۔ **اسم مادہ:** وہ اسم ہے جو کسی دھات کے نام کو ظاہر کرے۔

جیسے:-لوہا، چاندی، سونا وغیرہ

۵۔ **اسم جمع:** وہ اسم ہے جو چیزوں یا شخصیتوں کے مجموعہ پر بولا جائے۔

جیسے:- کارواں، قافلہ، فوج وغیرہ

۶۔ **اسم آلہ:** وہ اسم ہے جو کسی ہتھیار یا اوزار کا نام بتائے۔

جیسے:-بندوق، تلوار، کف گیر وغیرہ

۷۔ **اسم کیفیت:** وہ اسم ہے جو کسی چیز کی اصلی کیفیت یا حقیقت بتائیے۔

جیسے:- کنجوس، بڑھاپا، ہمدردی وغیرہ

۸۔ **اسم صوت:** وہ اسم ہے جس سے جاندار اور بے جان چیزوں کی آواز ظاہر کرے۔

جیسے:- گھن گھن، ٹپ ٹپ، چھن چھن، چھم چھم وغیرہ

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:09

قطعات

نریش کمار شادؔ

قطعہ:

قطعہ وہ نظم ہے جس میں کم سے کم دو اور زیادہ سے زیادہ اکیس اشعار ہوں اور وہ سب شعر مضمون کے لحاظ سے سلسلہ وار ہوں۔ اس کے پہلے شعر میں بالعموم قافیہ نہیں ہوتا۔ قطعہ کہنا ہر شاعر کے بس کا روگ نہیں۔ مختصر نظم کی تمام وسعتوں کو سمیٹ لانا پڑتا ہے جو جان جوکھوں کا کام ہے۔

اردو ادب میں نریش کمار شادؔ اور اختر انصاری کے قطعات اپنی مثال آپ ہیں۔

@ITRS NOT TO BE REPUBLISHED

راحتوں کے نشان مل نہ سکے
دامن دل کے چاک سل نہ سکے
عقل وہ بدنصیب ٹہنی ہے
جس پہ چاندی کے پھول کھل نہ سکے

چاند ایسے دکھائی دیتا ہے
لمبی لمبی گھنیری شاخوں میں
جیسے چہرہ کسی مجاہد کا
جیل کی آہنی سلاخوں میں

I الفاظ ومعانی:

نشان = یادگار، پتہ

چاک = کٹا ہوا، پھٹا ہوا

گھنیری = گہری

مجاہد = خدا کی راہ میں لڑنے والا

آہنی = لوہے کی بنی ہوئی

II ان سوالات کے جواب لکھیے:

۱) عقل کیا ہے؟

۲) چاند کیسے نظر آتا ہے؟

۳) چاندی کے پھول سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

۴) پہلے قطعہ کی آسان تشریح کیجیے۔

عملی کام

اختر انصاری کے قطعات کا مجموعہ ''آبگینے'' سے کچھ قطعات اپنی بیاض میں لکھ کر استاد کو بتائیے۔

تعارف:

نریش کمار شاد: نریش کمار شادؔ غزل، رباعیات اور قطعات کے اچھے شاعر تھے۔ اِن کی پیدائش ریاستِ پنجاب کے ضلع ہوشیار پور کے گاؤں اہیاپور میں 11/دسمبر 1927ء کو ہوئی۔ فراقؔ گورکھپوری نے لکھا تھا۔ ''نریش کمار شادؔ کے قطعات میں شادؔ کا غم ان شاعری میں ایک ایسی آگ بھر دیتا ہے جس میں گرمی، آنچ، شعلے اور روشنی کی تڑپ ہوتی ہے''۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:10

S2B1B6

جغرافیہ ناک اور کان کا

طالب زیدی

ناک اور کان کا پشتینی تعلق ہے۔ ایک کو الٹ کر پڑھیں تو دوسرا بن جاتا ہے۔ ناک نہیں ہوتی تو چشمہ کہاں لگایا جاتا؟ چشمہ لگانے کے عمل میں کان ناک کا پورا ساتھ دیتے ہیں۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ناک: پیشانی سے بالکل نیچے، ہونٹوں سے ذرا اوپر اور آنکھوں کے درمیان پائی جانے والی اونچائی کو ناک کہتے ہیں۔ یہ سانس لینے کا کام کرتی ہے اور ہمیں زندہ رکھتی ہے۔ ناک کے ذریعے خرّاٹے لے کر دوسروں کی نیند حرام کی جاتی ہے۔ ناک کی بہت سی شکلیں ہوتی ہیں۔ کھڑی، طوطے کی چونچ جیسی، دبی ہوئی، نکیلی، دھاردار، ستواں وغیرہ وغیرہ۔ ناک چاہے جیسی ہو، ہر شخص کو فکر رہتی ہے کہ نیچی نہ ہونے پائے۔ یہ قدم قدم پر کٹنے کے لیے بھی تیار رہتی ہے اور کٹنے کے بعد بھی چہرے پر موجود رہتی ہے۔ کچھ لوگ ایسے ظالم اور بے مروّت ہوتے ہیں کہ معمولی سی مکھی کو بھی ناک پر بیٹھنے نہیں دیتے۔ ناک کے ساتھ خطرناک، دہشت ناک، غضب ناک جیسے الفاظ بھی سنے جاتے ہیں۔

انتہائی غصّے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ناک کان کاٹ کر ہتھیلی پر رکھ دوں گا۔ ارے بھائی، جب انھیں کاٹ ہی دو گے تو پھر ہتھیلی پر رکھنے سے کیا فائدہ؟ کبھی کبھی قوموں کی ناکیں بھی داؤں پر لگ جاتی ہیں لیکن یہ میدان جنگ میں نہیں ہوتا۔ وہاں تو سر کٹنا باعث فخر سمجھا جاتا ہے۔ یہ تو کرکٹ اور فٹ بال وغیرہ کے میچوں میں ہوتا ہے کہ ہارنے والی ٹیم پر الزام لگایا جاتا ہے کہ اس نے قوم کی ناک کٹادی۔

ناک جاسوسی کے آلے کا بھی کام کرتی ہے۔ یعنی پڑوس میں کون سا سالن بگھارا جارہا ہے؟ اس کی خوشبو کی مدد سے معلوم کیا جاسکتا ہے کہ پڑوسی کے معاشی حالات کیسے چل رہے ہیں۔ کارٹون بنانے والے بھی ناک کی مدد سے ممدوح کی صورت کو ابھارتے ہیں۔ یوں تو ہر ملک، ہر قوم کی اپنی ناک ہوتی ہے اور یہ اسے پیاری ہوتی ہے مگر کہا جاتا ہے کہ یونانی ناک حسین ترین ہوتی ہے۔



کان: ناک سے دونوں طرف یکساں فاصلے پر پائے جانے والے جسم کے حصّے کو کان کہتے ہیں۔ یہ دو ہوتے ہیں۔ ان کے دو ہونے کا فائدہ یہ ہے کہ بات ایک کان سے سن کر دوسرے سے اڑائی جاسکتی ہے۔ کان سننے کے لیے ہوتے ہیں مگر بعض اساتذہ شاگردوں کے کان کھینچتے ہیں جسے گوش مالی کہا جاتا ہے۔ پہلوانوں کے استاد اپنے پٹھوں کے کان پہلے ہی توڑ دیتے ہیں تاکہ دوسرا پہلوان انہیں پکڑ کر اور پٹھے کے پٹھے پر ہاتھ رکھ کر اسے چاروں خانے چت نہ کردے۔

بعض خواتین انہیں وزن لٹکانے کا ہینگر سمجھتی ہیں۔ سونا، چاندی، ہیرے موتی کے زیور کان پر لٹکائے رہتی ہیں۔

عہد قدیم میں غلاموں کے کان چھید کر اس میں آقا اپنی نشانی کا چھلّا پہنا دیتا تھا کہ سند رہے اور بوقت ضرورت کام آئے یعنی کان میں پڑا ہوا چھلّا ٹریڈ مارک کا کام کرتا تھا لفظ حلقہ بگوش اسی رسم کی یادگار ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED

فارسی میں کان کو گوش اور گدھے کو خر کہتے ہیں۔ اس لیے گدھے جیسے کانوں والے جانور کو خر گوش کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ خدا جانے اس نسبت کا گدھے برا مانتے ہیں یا اس پر فخر کرتے ہیں۔

کان ایک ننھی منی سی مخلوق کی چہل قدمی کا پارک بھی ہے۔ جو کان پر رینگتی تو ہے مگر نظر نہیں آتی، اسی لیے تو شکایتاً کہتے ہیں کہ اس کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔

ایک کان وہ ہوتی ہے جس سے سونا، چاندی، ہیرے وغیرہ نکلتے ہیں۔ ہمارے کانوں سے تو فقط میل نکلتا ہے۔ ایک برادری ہے جو کَن مَیلیا کہلاتی ہے۔ لال پگڑی پہنے اس میں کان کریدنے اور سہلانے کے اوزار لگائے، تیل کی شیشی ساتھ لیے گھنٹہ گھر، ریلوے اسٹیشن، بس اڈّے اور کچہری وغیرہ کے آس پاس گھومتی رہتی ہے۔ کچھ لوگ سر جھکائے، کان پکڑوائے کن میلیوں کے آگے زانوئے ادب تہ کیے بیٹھے نظر آتے ہیں۔

کاش، کوئی برادری دل میلیا بھی ہوتی جو دل کا میل نکال کر انسانوں کو بہت سی خرابیوں سے بچا لیتی۔

کچھ خواتین و حضرات پکّی عمر ہونے کے باوجود کان کے کچے ہوتے ہیں۔ چغلی کھانے والوں کو ایسے کچے کان والوں کی بڑی تلاش رہتی ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I الفاظ و معنی:

پشتینی تعلق = بہت سی پشتوں کا تعلق، بہت پرانا تعلق

ممدوح = جس کی تعریف کی جائے

گوش مالی کرنا = سزا دینا

پٹّھا = پہلوان کا چیلا، شاگرد

حلقہ بگوش = غلام

ہینگر = لٹکانے والی چیز

کن میلیا = کان کا میل نکالنے والا

II (الف) ایک جملے میں جواب لکھیے:

۱۔ مصنف نے ناک کسے کہا؟

۲۔ سبق میں ناک کی کونسی قسمیں بتائی گئی ہیں؟

۳۔ ناک کے استعمال سے متعلق سبق میں کون سے الفاظ بتائے گئے ہیں؟

۴۔ انتہائی غصّہ میں کیا کہا جاتا ہے؟

۵۔ کان کے دوہونے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

(ب) دوتین جملوں میں جواب لکھیے:

۱۔ مصنف نے یہ کیوں کہا ہے کہ ناک اور کان کا پشتینی تعلق ہے؟

۲۔ کن میلیے کے بارے میں مصنف نے کون سی باتیں بتائی ہیں؟

(ج) ذیل کے جملوں کی وضاحت کیجیے:

۱۔ یہ قدم قدم پر کٹنے کے لیے تیار رہتی ہے اور کٹنے کے بعد بھی چہرے پر موجود رہتی ہے۔

۲۔ یہ تو کرکٹ اور فٹ بال وغیرہ کے میچوں میں ہوتا ہے کہ ہارنے والی ٹیم پر الزام لگایا جاتا ہے کہ اس نے قوم کی ناک کٹادی۔

۳۔ کاش کوئی برادری دِل میلیا بھی ہوتی جو دل کا میل نکال کر انسانوں کو بہت سی خرابیوں سے بچالیتی۔

(د) ذیل کے محاوروں کے معنی لغت میں تلاش کر کے لکھیے اور انھیں اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

ایک کان سے سننا دوسرے کان سے اڑا دینا، کان کھینچنا، کان پر جوں تک نہ رینگنا، کان کا کچا ہونا، ناک نیچی ہونا، ناک کٹانا، ناک پر مکھّی بیٹھنے نہ دینا،

(و) غور کر کے بتایئے:

۱۔ میدان جنگ میں سر کٹنا باعث فخر کیوں سمجھا جاتا ہے؟

۲۔ کان میں پڑے ہوئے چھلّے کو مصنف نے ٹریڈ مارک کیوں کہا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

اسم کی تعداد: اسم کے ایک یا ایک سے زیادہ ہونے کو تعداد کہتے ہیں۔

اس کی دو قسمیں ہیں۔ ۱۔واحد ۲۔جمع

جمع بنانے کے قاعدے

(الف) مذکر اسموں کی جمع بنانے کے قاعدے:

قاعدہ نمبر ۱۔ : جس واحد اسم مذکر کے آخر میں "**الف**" یا "**ہ**" ہو تو اسے یائے مجہول سے بدل دیں۔

جیسے:- لڑکا سے لڑکے ، غالیچہ سے غالیچے، میوہ سے میوے

بعض الفاظ اس قاعدے کے تحت نہیں آتے۔

مثلاً:(-(1 سنسکرت کے الفاظ، جیسے: راجا، داتا

(2) رشتہ داروں کے نام، جیسے: ابا، آپا، تایا، چچا، دادا، نانا

(3) فارسی زبان کے اسم فاعل، جیسے: بینا، نابینا

(4) غیر زبانوں کے الفاظ، جیسے: گرما، سرما

قاعدہ نمبر ۲۔ :جس واحد اسم مذکر کے آخر میں الف اور نون غنّہ ہو تو "**الف**" کو "**ی**" سے بدل لیں۔

جیسے:- واحد ۔کنواں، جمع۔کنویں

قاعدہ نمبر ۳۔ : جس واحد اسم مذکر کے آخر میں "**الف**"، "**ہ**" یا "**ال**" نہ ہو تو ان کی واحد اور جمع کی ایک ہی صورت ہوتی ہے۔

واحد	جمع
قلم	قلم
بھائی	بھائی
آدمی	آدمی

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

(ب) مؤنث اسموں کی جمع بنانے کے قاعدے:

مؤنث الفاظ کی جمع مذکر اسموں کی جمع کے قاعدوں سے علاحدہ ہے۔

قاعدہ نمبر ۱ـ :جس واحد اسم مونث کے آخر میں ''**ی**'' (یائے معروف) ہو ان کی جمع کے لیے ''**ال**'' بڑھا دیتے ہیں۔

جیسے:- بیٹی — بیٹیاں

مٹھائی — مٹھائیاں

لڑکی — لڑکیاں

قاعدہ نمبر ۲ـ :جس واحد اسم مونث کے آخر میں ''**یا**'' ہو اس کے بعد ''**ال**'' بڑھا کر جمع بناتے ہیں۔

جیسے:- چڑیا — چڑیاں

گڑیا — گڑیاں

قاعدہ نمبر ۳ـ : جس واحد اسم مونث کے آخر میں صرف ''**الف**'' ہو اس کے بعد ''**ء، ی، ں**'' بڑھا کر جمع بناتے ہیں۔

جیسے:- گھٹا — گھٹائیں

فضاء — فضائیں

قاعدے نمبر ۴ـ :جس واحد اسم مونث کے آخر میں ''**الف یا ی**'' نہ ہو تو اس کے آخر میں ''**ی، ں**'' بڑھا کر جمع بناتے ہیں۔

جیسے:- صورت — صورتیں

عورت — عورتیں

کتاب — کتابیں

☆☆☆

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:11



غزلیات (کلاسیکل)

غزل کے لغوی معنی ''عورتوں سے باتیں کرنا'' ہیں مگر شاعری میں وہ نظم مراد ہے جس میں دلی جذبات اور حسن و عشق کی باتیں ہوں۔ موجودہ دور میں ہر قسم کے مضامین غزل میں لکھے جاتے ہیں۔

غزل کا ہر شعر مستقل اور مکمل ہوتا ہے۔ پہلا شعر مطلع کہلاتا ہے جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوتے ہیں اور آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہوتا ہے وہ مقطع کہلاتا ہے۔

غزل

میر تقی میرؔ

الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

ناحق ، ہم مجبوروں پر، یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں، ہم کو عبث بدنام کیا

یاں کے سپید و سیہ میں، ہم کو دخل جو ہے، سو اتنا ہے
رات کو رو رو صبح کیا، اور دن کو جیوں تیوں شام کیا

میرؔ کے دین و مذہب کو، اب پوچھتے کیا ہو، اُن نے تو
قشقہ کھینچا، دیر میں بیٹھا، کب کا ترک اسلام کیا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I الفاظ و معنی:

کام تمام کرنا = مار ڈالنا　　تہمت = الزام

عبث = بے کار　　جیوں تیوں = جوں توں

موند لینا = بند کر لینا　　عہد جوانی = جوانی کا زمانہ

دَیر = گرجا گھر ، بت خانہ　　پیری = بڑھاپا

قشقہ = ٹیکہ، نام، مذہبی علامت کے طور پر پیشانی پر لگایا جانے والا نشان

II ان سوالات کے جوابات لکھیے:

(۱) تدبیریں سب کیا ہو گئیں؟　　(۲) عہد جوانی کیسے کاٹا؟

(۳) مجبوروں پر کیسی تہمت عائد کی گئی؟　　(۴) رات کو جاگے تو صبح کو کیا کیا؟

(۵) میرؔ کو دنیا کے سپید و سیاہ میں کس قدر دخل ہے؟　　(۶) میرؔ نے مقطع میں کس خیال کا اظہار کیا ہے؟

III ان الفاظ کی اضداد لکھیے: مجبور، سپید، پیری، صبح، دیر

IV ان الفاظ کے واحد لکھیے: اَدیان، مذاہب، مجبوریاں


V ان مصرعوں کو مکمل کیجیے:

۱۔عہد جوانی----------

۲۔رات کو رو رو ----------

۳۔قشقہ----------

عملی کام: میرؔ کی اور غزلیں اکٹھا کر کے اپنی بیاض میں لکھ کر استاد/ استانی کو بتائیے۔



تعارف: میر تقی میرؔ :

میر تقی میرؔ 1764ء میں بمقام آگرہ پیدا ہوئے ۔ ''خدائے سخن'' کے لقب سے جانے جاتے ہیں۔آپ کے والد کا نام میر متقی تھا۔میرؔ کو غزل کا امام مانتے ہیں ان کے کلام میں درد و اثر اور سوز و گداز ملتا ہے۔''ذکرِ میرؔ''، ''اردو شعراء کا تذکرہ'' اور ''نکات الشعراء'' آپ کی اہم تصانیف ہیں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:12

غزل

مرزا غالبؔ

دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے
آخر اس درد کی دوا کیا ہے

ہم ہیں مشتاق اور وہ بے زار
یاالٰہی یہ ماجرا کیا ہے

میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں
کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

ہم کو ان سے وفا کی ہے امید
جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا
اور درویش کی صدا کیا ہے

جان تم پر نثار کرتا ہوں
میں نہیں جانتا دعا کیا ہے

میں نے مانا کہ کچھ نہیں غالبؔ
مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I الفاظ و معنی:

مشتاق = آرزومند، خواہش مند

مدعا = مطلب، مقصد

درویش = فقیر، بھکاری

جاں نثار کرنا = جان صدقہ کرنا

II ان سوالوں کے جواب لکھیے:

۱) غزل کے آخری شعر کو جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے کیا کہا جاتا ہے؟

۲) درویش کی کیا صدا ہے؟

۳) شاعر کس سے وفا کی امید کر رہا ہے؟

III نیچے دیئے گئے حروف میں کئی لفظ پوشیدہ ہیں۔ ان حروف کو الٹ پلٹ کر پانچ الفاظ لکھیے:

(م ع ل و م ا ت)

(۱) ----------

(۲) ----------

(۳) ----------

(۴) ----------

(۵) ----------

عملی کام:

غالبؔ کے چند لطیفے جمع کر کے اپنی بیاض میں لکھ کر استاد/ استانی کو بتایئے۔

تعارف: مرزا غالبؔ



مرزا اسداللہ خاں نام، غالبؔ تخلص 1797ء میں بمقام آگرہ پیدا ہوئے بچپن ہی میں یتیم ہو گئے۔ ہندوستان کے فارسی گو شعراء میں آپ کا مرتبہ بلند ہے مگر اردو کا مختصر سا دیوان ان کی شہرت کا سبب بنا۔ نظم میں تخیل کی بلندی نے منفرد بنایا تو نثر میں مراسلات کو مکالمہ بنا کر اس کو زندہ جاوید کر دیا 1869ء میں وفات پائی۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:13

غزل



جگرؔ مرادآبادی

دل میں کسی کے راہ کئے جارہا ہوں میں
کتنا حسیں گناہ کئے جارہا ہوں میں

مجھ سے لگے ہیں عشق کی عظمت کو چار چاند
خود حسن کو گواہ کئے جارہا ہوں میں

اُٹھتی نہیں ہے آنکھ مگر اس کے روبرو
نادیدہ اک گناہ کئے جارہا ہوں میں

گلشن پرست ہوں مجھے گل ہی نہیں عزیز
کانٹوں سے بھی نباہ کئے جا رہاہوں میں

یوں زندگی گزار رہا ہوں ترے بغیر
جیسے کوئی گناہ کئے جا رہا ہوں میں

مجھ سے ادا ہوا ہے جگرؔ جستجو کا حق
ہر ذرے کو گواہ کئے جا رہا ہوں میں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I الفاظ و معنی:

دل میں راہ کرنا = دل میں جگہ کرنا عظمت = بزرگی عزیز = پیارا

چار چاند لگنا = عزت بڑھنا جستجو = تلاش

II ان سوالوں کے جواب لکھیے:

(۱) عشق کی عظمت کو چار چاند کس نے لگایا؟ (۲) شاعر گلشن پرست ہونے کے ناطے کیا کر رہا ہے؟

(۳) جگرؔ مرادآبادی کی غزل کا مطلع لکھیے۔ (۴) جگرؔ مرادآبادی کی غزل کے قوافی لکھئے۔

(۵) جستجو کا حق کس طرح ادا ہوتا ہے؟ (۶) محبوب کے بغیر زندگی گذارنا کیسا ہے؟

III ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

عظمت، عزیز ، جستجو ، گلشن پرست

IV ان الفاظ کی ضد لکھیے:

گل، حسین، زندگی، روبرو

V ان اشعار کو مکمل کیجیے:

(1) مجھ سے لگے ہیں ___ کی عظمت کو چار چاند خود ___ کو گواہ کئے جارہا ہوں میں

(2) یوں ___ گزار رہا ہوں ترے___ جیسے کوئی ____ کئے جارہا ہوں میں


VI ان اشعار کا مطلب لکھیے:

1) گلشن پرست ہوں مجھے گل ہی نہیں عزیز	کانٹوں سے بھی نباہ کئے جا رہا ہوں میں
2) مجھ سے ادا ہوا ہے جگرؔ جستجو کا حق	ہر ذرے کو گواہ کئے جا رہا ہوں میں

عملی کام

جگرؔ کی کچھ اور غزلیں بیاض میں لکھ کر استاد/ استانی کو بتایئے۔

تعارف: جگرؔ مُرادآبادی



علی سکندر نام جگرؔ تخلص 1895ء میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد علی نظر شاعر تھے اور صاحب دیوان تھے۔ جگرؔ عصر حاضر کے بہترین غزل گو شاعر تھے اپنی آواز کے جادو سے مشاعروں پر چھا جاتے تھے ''شعلۂ طُور'' اور ''آتشِ گل'' آپ کی غزلوں کے مجموعے ہیں۔ 1960ء میں انتقال کیا۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED